Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

رختِ سفر

(شعری مجموعہ)

اندھیرا ہی اندھیرا ہے کہ گھر میں
کہیں روشن رخِ زیبا نہیں ہے

شیخ گلزار

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ:

کتاب کا نام:		رختِ سفر (شعری مجموعہ)
مصنف	:	شیخ گلزار
سکونت	:	سامبورہ، (پانپورہ)، پلوامہ
سن اشاعت	:	نومبر ۲۰۲۲ء
صفحات	:	۲۰۰
تعداد	:	۱۰۰۰
کمپیوٹر کتابت	:	میر پرویز 9469155007,9697476370
اہتمام	:	ڈاکٹر گلزار احمد وانی
پرنٹنگ	:	پرواز کمپیوٹرس اینڈ پرنٹرس، ترال/ پلوامہ
قیمت	:	400 روپے

○■○

Rakth-e-Safar

by

SHEIKH GULZAR

9622429057

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

انتساب

اپنی چہیتی

شریک حیات

کے

نام

دعا کا ٹوٹا ہوا حرف سرد آہ میں ہے
تری جدائی کا منظر ابھی نگاہ میں ہے
(پروین شاکر)

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
01	پیش لفظ / ڈاکٹر گلزار احمد وانی	11
02	جب سے اس دل کو بے قراری ہے	15
03	ہوں بہت ہی اُداس مگر خاموش	18
04	مجھے میری وہ پہلی سی ادا دے	20
05	دل یہ کس کے لیے سفر میں ہے	22
06	سیدھے سادھے اشعار کہتا ہوں	24
07	کہاں جاؤں کسے اپنا میں سمجھوں	26
08	بکھرے ہیں اس طرح کہ سمٹنا محال ہے	28
09	کیا کہے وہ یہ دیکھنا پہلے	30
10	تم کو ہر حالت میں آنا چاہیے	32
11	میں یہ کیا کھو کے ہار بیٹھا ہوں	34
12	کہیں پر بھی کوئی تم سا نہیں ہے	36
13	یوں ہی کب تک وہ آزمائے گا	38
14	لوگ آئے ہیں سبھی جب، تم بھی آ کر دیکھنا	40

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

15	خود کو میں آج دیکھ کر تنہا	42
16	حال کس کا ہے کیا خدا جانے	44
17	یوں بھی ہوتا ہے کبھی سوچا نہ تھا	47
18	زہر ہی زہر بھر دیا خود میں	49
19	مشکلیں بڑھتی ہیں بڑھنے دیجیے	51
20	وہ بھی مجھ سے جُدا ہوئے آخر	53
21	مجھے غم کے مطابق دل بھی دے دے	57
22	تم کہاں ہو مجھے بتا دینا	59
23	مجھے اس بات پر پورا یقین ہے	60
24	تم نے بھی میری طرف دیکھا نہیں	62
25	بہت سنسان ہیں راہیں وفا کی	64
26	تم آئے ہو چلو اتنا بہت ہے	66
27	تم کب لوٹو گی	68
28	جو بھی میرا تھا چھن گیا مجھ سے	69
29	میں بھی کیا ہوں مری ادا کیا ہے	70
30	زمیں اپنی نہ اپنا آسماں ہے	71
31	عجب سب کچھ مجھے لگنے لگا ہے	73
32	کہاں ہوں کیا کروں اتنا بتا دے	74

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

33	کیا کہوں اور کیا چھپاؤں میں	75
34	جب بھی میں تمہاری قبر پر	78
35	بلائیں گے مگر کس کو بلائیں	79
36	کتنی اچھی تھی زندگی پہلے	84
37	تیرے بنا	86
38	تمہیں تو دیکھنے میں بھی مزا ہے	88
39	آج کیا سوچ کر ملا مجھ سے	90
40	اندھیرا ہی اندھیرا ہے نظر میں	91
41	تم آؤ گے ہمارے گھر مگر کب	92
42	اپنوں پہ اختیار نہ غیروں سے دوستی	94
43	کب وہ سنتا ہے التجا میری	96
44	جسے میں نے کہیں دیکھا نہیں ہے	98
45	کسے چاہوں کسے میں بھول جاؤں	100
46	مجھے تیری وفاؤں سے ملا کیا	101
47	تم آؤ گے نہیں میں جانتا ہوں	103
48	میں بدلا ہوں مگر تو بھی بدل جا	104
49	تمہاری طرح	106
50	یہ میں نے کب کہا کہ مجھے پیار نہیں ہے	107

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

51	ابھی تک میں نے یہ سوچا نہیں ہے	109
52	میری طرح	111
53	دل ہے ویراں مگر بدن آباد	113
54	کیا تم آج بھی نہیں آؤ گے	115
55	ہو رہا ہے کیا کہاں پر دیکھنا	117
56	چاہتا تو نہیں تھا	122
57	تمہیں ابھی نہیں جانا چاہیے تھا	124
58	اب کہاں جائیں ہم کدھر کو چلیں	125
59	میں نے سوچا تھا کیا وہ کیا نکلے	127
60	مجھے کیا کچھ نہیں سہنا پڑا ہے	128
61	دل تو ناداں ہے	129
62	ملا ہے کیا نہ کچھ مجھ کو جہاں سے	131
63	مقدر میں مرے کیا کیا نہیں تھا	133
64	زندگی تو یہی ہے	135
65	یہی میں سوچ کر تم سے ملا ہوں	137
66	اب اپنی خبر ہے نہ زمانے کی خبر ہے	138
67	دشوار ہے بہت کہ تمہیں بھول جاؤں میں	139
68	تم نہیں / کام تو میں تب بھی کرتا تھا	141

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

69	دیوی/ تو کتنی سیدھی سادھی تھی	143
70	خبر کیا تھی ہمیں، ایسا بھی ہوگا	145
71	آج صبح سے ہی	152
72	تم ہو	154
73	تمہیں کیا علم، ہوتا ہوں کہاں میں	156
74	نہیں ہو تم تو جینے کا مزا کیا	157
75	دل ہے ناداں کہ پھر رونے لگا ہے	158
76	کہاں گئیں وہ	160
77	بتا کس سے نہیں میں نے وفا کی	162
78	وہ یہ کس بات پہ مجھ سے خفا ہے	164
79	تجھے میں دیکھنا چاہتا ہوں پھر سے	165
80	شہر میں اِک وہی میرا نہیں ہے	166
81	کہو تم ہی کسے اپنا سمجھ لیں	167
82	اب کہاں اس دل کو لے جائیں گے ہم	168
83	کیا کہوں میں کہ کون اپنا تھا	169
84	بہت کچھ آج مجھ سے کہہ گیا وہ	171
85	کہیں بھی ہو تمہیں میں دیکھتا ہوں	172
86	کبھی کچھ بھی نہیں چاہا کسی سے	173

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

87	یہاں سے دور ہی کیا آشیاں تک	174
88	کیا نہ کچھ میں نے دیکھنا چاہا	176
89	تمہارے بارے میں	177
90	دل یہ اوروں کا ہے نہ اپنا ہے	180
91	یہ کیسا درد ہے کیسا اثر ہے	182
92	اس زندگی سے دور بہت دُور رہے ہم	183
93	جو میں نے آج تک سوچا نہیں تھا	184
94	اب کسی سے میں اور کیا چاہوں	185
95	کیا کہوں کیوں خفا ہوا مجھ سے	187
96	کہاں ہے وہ میری دنیا کہاں ہے	189
97	خدا جانے کہاں سے آگیا ہے	190
98	تیرے ہونٹوں پہ یہ ہنسی کیسی	191
99	کون چاہے گا اُسے گھر کا پتا	193
100	دل یہ آباد ہے نہ گھر آباد	194
101	پھرتا ہوں میں کہاں کہاں مجھ کو خبر نہیں	195
102	شہر میں کیا کوئی اپنا نہیں ہے	196
103	زندگی تو بھی بے وفا نکلی	198

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖❖❖

میری زندگی کا مقصد تیرے دین کی سرفرازی
میں اسی لیے مسلماں، میں اسی لیے نمازی

پھر اٹھا نہ کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے
وہی آب گل ایراں، وہی تبریز ہے ساقی

نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

—علامہ اقبالؒ

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پیش لفظ

ماضی کے تلخ حقائق سے گرد چھانتے ہوئے شاعر کی حیات اب اس مقام کی دہلیز پر آ کے رکی ہے کہ جہاں کہیں سے بھی اور کسی بھی سمت سے اِس متاعِ حیات کے سوا کچھ بھی نظر میں بھاتا نہیں ہے۔ قلب کی بے سکونی جب بھی اس کاروانِ زیست کے کسی بھی واکی ہوئی کھڑکی سے جھانک کے وارد ہو جاتی ہے تو اندرون اور بیرون سکونِ جاں میں اضطرابی کیفیت خلق ہو جاتی ہے کہ جہاں سے اس دل کے سوتے جاگ جاتے ہیں۔ جہاں کی تازہ فضائیں کوچۂ دل میں یوں صرصر چلتی ہیں کہ جیسے بھیگے جنگل میں مور کا ناچ اور یوں تخلیقی عمل میں تجارب کے بیج بوئے جاتے ہیں جس کا ماحصل اس طرح کی شعری سوغات کی شکل میں نمو پذیر ہو جاتا ہے۔ یوں جب بھی اور جہاں بھی کوئی تخلیقی کاوش صفحۂ قرطاس کی زینت بن جاتی ہے تو دورانِ عمل میں ایک عجیب سی حرارت دل کی دھڑکنوں پہ چھا جاتی ہے اور دشتِ حس کی تمام یادیں زیر و بم میں بج جاتی ہیں۔ ماتھے پر گرماہٹ کی آڑ میں پسینہ چھوٹ جاتا ہے۔ قلب و ذہن کے تمام دریچوں سے اک عجب مانوس ہوا تارِ دل کو چھیڑتی ہے اور جس سے ایک عجب سکوں دائرہ حدود میں آ کر بظاہر انسان کی آنکھ کسی چیز پر جمی ہونے کے باوجود بھی حیاتی و معنیاتی رو سے کہیں اور جا کر سیر کراتی ہے۔ وہاں سے احساسات کو نمی حاصل ہو کر نوک زباں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کی راہ اختیار کر پاتے ہیں۔ یہ زبان ترسیلی اعتبار سے بہت سُرعت سے اپنے منازل طے کر پاتی ہے اور معنوی سطح پر حیات کے زاویے منعکس کراتی ہے۔

جب بھی کوئی تخلیق پارہ تخلیقیت کی نمود پاتا ہے تو اندر کی خوشی کی انتہا ہی نہیں ہوتی ہے۔ یہ ایک سنجیدہ تخلیق کار کو بار بار اکتساب فن کی طرف کھینچ کر اپنے اندر جھانکنے کا عمل اور تحریک عطا کرتی ہے جس سے متنوع زاویوں سے پھر اُسے دیکھنے کی سعیٔ حاصل ہو جاتی ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح مادر اپنے جنے ہوئے نوزائد کی طرف بار بار اُسے شوق اور مائیگی سے کئی زاویوں سے دیکھنے کی جست اور جسارت کر رہی ہوتی ہے۔ یہ عمل ہر تخلیق کار کے یہاں دیکھنے کو مل جاتی ہے۔ ہر ایک زاویے سے دیکھنے کے بعد جو تشفی ایک ماں کو حاصل ہو جاتی ہے بالکل عین اُسی کے ہر ایک تخلیق کار کو اپنی تخلیق بار بار دیکھنے سے حاصل ہوتی ہے۔ بقیہ لوگ بھلے ہی اُسے کالا کلوٹا یا اجسامی و ہیئتی اعتبار سے کچھ بھی کہے مگر تخلیق کار اُن چیزوں سے ماورا ہوتا ہے۔ لفظیاتی سطح پر اپنے احساسات، تجربات و مشاہدات اور جذبات کو زبان دے کر کس قدر کامیابی ہاتھ آئی ہے۔ اس کا صحیح اندازہ ایک قاری کر سکتا ہے۔

سبک روی اور دھیمے پن سے تخلیق کار تخلیقیت کے عمل سے گزرتا ہے اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ ایک تخلیق کار اپنی تخلیق کا خود پہلا قاری ہوتا ہے۔

بسا اوقات وہ معنوی پرتیں جو ایک تخلیق کار کے لیے بعید از نظر ہوتی ہیں وہ ایک قاری کے ہاں زیر نظر رہتی ہیں۔ اس بات سے کسی کو مفر نہیں ہے کہ شاعر کی بساط بھر کی سعیٔ کس قدر بار آور ثابت ہو رہی ہے۔

صداؤں کے قافلے جب بھی بلاتے ہیں دل بے تاب، نظر بے قرار اور

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جگر میں ایک عجیب ہلچل پیدا ہو جاتی ہے تبھی انسان قُربت میں دوری اور گہے دوری میں قربت کے احساس سے مملو ہو جاتا ہے۔ یہ تسلسل قائم ہے کہ کب سوچ کی پرتیں احساس کے پردوں کے دائروں سے وارد ہو کر تخلیقیت کا جامعہ اوڑھے ہوئے منصۂ شہود پر آجائیں۔ شیخ گلزار کے یہاں شعری صورت میں زندگی کے متنوع رنگ نمایاں ہیں جن میں احساسات، جذبات اور تجربات کی صورت میں ان کی تخلیقی قوت آشکار ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے تجربات کو لفظیات پر غالب دکھایا ہے۔ جب کہ اُس اِک صورت حال سے پرہیز کیا ہے جب لفظیات احساسات پر غالب ہوتے ہیں یہی سبب ہے کہ وہ عام لفظیات برتتے وقت احساسات اور جذبات کی نمی سے لفظوں کو جنم دے کر اُن کی خوب پرورش کا کام کرتے ہیں جن سے اوّل تو دائمی صورت حال قائم رہتی ہے، دوئم یہ کہ شعر کی ماہیئت کو معنی سمیت استقامت کا ماحول فراہم ہوتا ہے اور شاید اس وجہ سے شیخ گلزار کئی دہائیوں سے اپنی شعری زمین میں تجربات اور احساسات کے بیج بو کر اُن سے معنوی سطح پر بھرپور فصل نکالتے ہیں جس کی اساس اُن کا کلہم شعری سرمائے کی صورت میں جلوہ پذیر ہے۔ جو روز افزوں جلا پا رہا ہے۔ شیخ گلزار کا پانچواں شعری مجموعہ ”رختِ سفر“ منظرِ عام پر آرہا ہے جیسا کہ پہلے بھی یہ مذکور ہوا ہے کہ شیخ گلزار اپنی ہی ذات کے حصار میں مقید ہے اور اس کی دنیا اس کے اِرد گرد پتنگے کی مانند چکر کاٹ رہی ہے۔ موضوعی سطح پر ان کی شاعری کے رنگ دار پنکھ میں اور بھی رنگت آسکتی ہے جب وہ اس حصار کو توڑنے میں کامیاب ہوں گے۔

شیخ گلزار لفظ کی حرمت سے آگاہ ہیں۔ جن سے ان کے خلاقی ذہن کا پتہ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

چل جاتا ہے۔شعر کے جس زاویے سے بھی نظر دوڑائی جائے ہر طرف سے تکمیلیت کا ایک بھرپور احساس مل جاتا ہے۔اس میں وقتی گن گرج ہے نہ انقلابی روش کی بو باس محسوس ہو رہی ہے جو اندرون خانہ میں جھانکنے پر بضد ہے۔ان کی اس متنوع بصیرت افروز شعری سرمائے کے مختلف جہات اور ابعاد ہیں جو ہر طرف قاری کے لیے کچھ نہ کچھ زیست کا سامان مہیا کئے ہوئے ہے۔وہ اپنے حِسی تجربات کو تول تول کر کھول دیتے ہیں جس سے ایک نئی کیفیت وا ہو کر قارئین کے لیے ایک تو مسرت سامیانیاں فراہم کرتی ہیں تو کہیں حسرت و یاس کے پردوں کو چاک کرتی ہیں۔ان کی یہی سلیقہ مندی اردو شعر و ادب کی آبیاری کر رہی ہے۔میں انہیں "رخت سفر" کے شائع ہونے پر صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

دراصل ان کی شریک حیات جب پچھلے سال رخصت ہو کر انہیں داغِ مفارقت دے کر گئی ہے تو شاعر کے احساسات پر اُن کے ہجر میں لمحہ لمحہ بوجھ محسوس ہوتا گیا تو یہ شعری تجارب اُسی کا ماحصل سمجھ لیجئے جس کا حرف حرف اس بات کا گواہ ہے کہ شیخ گلزار نے اس کی محبت میں اپنے جذبات کے پھول انہیں نچھاور کئے ہیں جن کا عکس "رخت سفر" کی نظموں اور غزلیات میں بھرپور جھلکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔قارئین سے بھی گزارش ہے کہ وہ بھی اسی جذبے سے مملو ہو کر تہہ دل اور سنجیدگی سے مذکورہ کتاب کو مطالعے کے لیے انتخاب کریں۔

ٹینگہ پونہ پلوامہ

۲۴ راگست ۲۰۲۲ء

ڈاکٹر گلزار احمد وانی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جب سے اس دل کو بے قراری ہے
نیند بھی مجھ پہ خوب طاری ہے

وقت سے قبل کون جاتا ہے
دوست یہ بھی تو اپنی باری ہے

یوں تو کچھ بھی نہیں مگر پھر بھی
زندگی کا یہ بوجھ بھاری ہے

کیا خبر تم کہاں سے آئے ہو
اب کدھر کی یہ پھر تیاری ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم بھی کیا چوس جاؤ گے میرے
اشک نمکین، خون کھاری ہے

رابطہ تم سے ہے مگر پھر بھی
دشمنی ہے نہ دوستداری ہے

یہ جو دنیا عزیز ہے ہم کو
یہ ہماری ہے نہ تمہاری ہے

خود میں کیا ہوں مجھے نہیں معلوم
دل مگر آپ کا پجاری ہے

میں تو چُپ ہوں مگر میرے دل میں
کس طرح کی یہ اشک باری ہے

میں نے بھی دوست زندگی اپنی
ساتھ تیرے ہی تو گزاری ہے

آج سر سے یہ ذمہ داری بھی
میں نے کچھ سوچ کر اُتاری ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

گرچہ تم سے نہیں مگر پھر بھی
ایک دنیا سے میری یاری ہے

لوگ کیا اور اس سے جانتے ہیں
میں سیّد اور تو بخاری ہے

کون محفوظ ہے یہاں گلزار
ساری دنیا میں مارا ماری ہے

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہوں بہت ہی اُداس مگر خاموش
ساتھ میرے ہے میرا گھر خاموش

آج اس میری بے گناہی پر
تیغ خاموش ہے خنجر خاموش

منزلیں گر مجھے بلاتی ہیں
پھر بھی ہے میری رہگزر خاموش

کیا ہوا ہے کہ اس زمانے کے
اس قدر ہیں یہ چارہ گر خاموش

شب کو چرچا بہت رہا لیکن
شام خاموش تھی سحر خاموش

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

حال اپنا ہے کیا نہیں معلوم
ہونٹ خاموش ہیں نظر خاموش

کیا کہوں میں کہ میری حالت پر
ہیں مرے گھر کے بام و در خاموش

شہر والے سبھی سلامت ہیں
لوگ کیوں ہیں اِدھر اُدھر خاموش

ہائے کیا دن کو دیکھ کر گلزار
دل رہا آج رات بھر خاموش

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے میری وہ پہلی سی ادا دے
نہیں تو مجھ کو جی بھر کے سزا دے

میں جب روؤں تو میرے آنسوؤں کو
اگر دامن نہ دے تو راستہ دے

کسی کے عشق میں گم ہوں کہ میری
اندھی راہوں کو منزل کا پتہ دے

کھڑی ہو راہ میں دیوار بن کر
مگر اے زندگی تو دے تو کیا دے

میں اُجڑے شہر کی مانند ہوں پھر بھی
تو چاہے گا اگر پھر سے بسا دے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تیری کس چیز سے اُلفت نہیں ہے
تو چاہے زہر بھی مجھ کو پلا دے

میں بے بس ہوں میری بجھتی نگاہ کو
میرے اللہ! وہ پہلی سی ضیا دے

ارادہ کر لیا میں نے بھی گلزار
وہ چاہے مجھ کو کوئی بھی سزا دے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل یہ کس کے لیے سفر میں ہے
میرا قاتل تو میرے گھر میں ہے

لوگ یہ مجھ کو کیا سمجھتے ہیں
درد یہ بھی تو میرے سر میں ہے

کون یہ اس طرف سے گزرا ہے
کون یہ میری رہ گزر میں ہے

میں اگر اس مکان میں تنہا ہوں
عکس کس کا یہ بام و در میں ہے

وہ نہیں ہے تو کیا کریں ہم بھی
دل یہ جب عشق کے اثر میں ہے

کون واقف نہیں کہ دنیا میں
آدمی ہی تو خیر و شر میں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی سے وہ آج اُکتا کر
دور بیٹھا کہیں کھنڈر میں ہے

وہ تو جاں کے قریب ہے پھر بھی
جانے کس دوست کے اثر میں ہے

جب سے وہ مجھ سے ہو گئے رخصت
دل یہ چاروں پہر سفر میں ہے

آج وہ اس طرح ملا مجھ سے
جیسے وہ غیر کی نظر میں ہے

اُس کو کل ہی تو آنا تھا لیکن
جانے کیوں اب بھی رہ گزر میں ہے

دل کسی کا بھی موہ لینے میں
گر مہارت ہے اس ہنر میں ہے

نام میں نے بھی لکھ دیا گلزار
دوست اپنا وہ کس نگر میں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

سیدھے سادھے اشعار کہتا ہوں
روز و شب بے شمار کہتا ہوں

تم خزاں کو خزاں کہو لیکن
میں خزاں کو بہار کہتا ہوں

دل یہ کچھ بھی کہے مگر خود میں
بے کلی کو قرار کہتا ہوں

تیری نظروں میں تو یہ فرقت ہے
میں اِسے انتظار کہتا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کو مجھ سے ہے دشمنی لیکن
میں تمہیں یار، یار کہتا ہوں

نیند سے جب بھی آنکھ ہو بھاری
میں اسی کو خمار کہتا ہوں

تیرے آگے ہے کیا وفا گلزارؔ
میں اِسے روزگار کہتا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہاں جاؤں کسے اپنا میں سمجھوں
بتا تو ہی کہ کس کو کیا میں سمجھوں

کہو کچھ بھی کہ اب تیری قسم میں
تیرا کہنا بھی تو اپنا میں سمجھوں

تجھے میں دیکھ کر حیراں ہوں خود کو
اس ایسے حال میں کس جا میں سمجھوں

کہ یہ کیا ہے کہ میں اپنے ہی گھر کو
اس دنیا کی طرح دنیا میں سمجھوں

میرے اللہ! یہ کیسی تشنگی ہے
کہ صحراؤں کو بھی دریا میں سمجھوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ دل تو دے دیا ہے جاں بھی اپنی
تمہاری ہے یہی تو کیا میں سمجھوں

یہی اے دوست میں بھی چاہتا ہوں
میں تیرا ہوں تجھے اپنا میں سمجھوں

تو ناداں ہے کہ سب کچھ جان کر بھی
بتا تو ہی تجھے پھر کیا میں سمجھوں

میں اتنی بھیڑ میں رہ کر بھی گلزارؔ
کہاں تک خود کو یوں تنہا میں سمجھوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بکھرے ہیں اس طرح کہ سمٹنا محال ہے
اپنا خیال ہے نہ اب تیرا خیال ہے

اوروں کے سامنے ہے کیا میں جانتا نہیں
میرے لئے یہ زندگی خواب و خیال ہے

محتاج کس لئے ہوں مرے جسم و جاں میں
غم تیری جدائی کا ابھی تک بحال ہے

دیکھو کہ اپنے بارے میں اتنا میں کہہ سکوں
اوروں کے حال سے الگ اپنا تو حال ہے

اُس کو تو دیکھنا بہت آسان ہے مگر
پھر کیسے لوٹ آؤں میں یہ تو سوال ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اتنا میں کہہ سکوں کہ تمہارے خیال میں
میرا جو یہ وجود ہے اب بھی نڈھال ہے

دونوں تو بے مثال ہیں اس بزم میں مگر
میری مثال ہے اگر تو بے مثال ہے

وہ مجھ سے خفا ہے تو چلو دیکھ کر آئیں
اپنا جو حال ہے وہی اُن کا بھی حال ہے

گلزار تیرے بارے میں اتنا میں کہہ سکوں
تم کو سخن وری میں بھی حاصل کمال ہے

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہے وہ یہ دیکھنا پہلے
ویسے خود کو بھی جاننا پہلے

اپنے دل کو جو آزمانا ہو
کھیل اُلفت کا کھیلنا پہلے

کام کوئی بھی ہو کرو لیکن
کام کیا ہے یہ دیکھنا پہلے

عشق کو جان لینے کی خاطر
دل پڑا تم کو سونپنا پہلے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وہ اگر یوں ہی روٹھنا چاہے
وقت پر تم بھی روٹھنا پہلے

قبل اس کے وہ بھاگنا چاہے
نام اُس سے تم پوچھنا پہلے

ہم زمانے میں کیا رہے گلزارؔ
وقت پر یہ بھی سوچنا پہلے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم کو ہر حالت میں آنا چاہیے
کچھ تو جینے کا بہانہ چاہیے

وہ تو جھوٹا ہے چلو جھوٹا سہی
پھر بھی اُس کو آزمانا چاہیے

وقت ملنے کا بہت موزوں ہے
پر تو موسم بھی سہانا چاہیے

زندگی میں اِک ہنسی کے واسطے
دل تو کیا سب کچھ لٹانا چاہیے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

منزلیں چاہے بھی کتنی پاس ہوں
پھر بھی یارب! اک زمانہ چاہیے

اب کسی بھی طور میرے واسطے
دوست تم کو آنا جانا چاہیے

اب اگر گلزار میں خاموش ہوں
پھر بھی تم کو گنگنانا چاہیے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں یہ کیا کھو کے ہار بیٹھا ہوں
خود کو کرکے نثار بیٹھا ہوں

میں بھی شامل ہوں اب حسینوں میں
کر کے غم کا سنگھار بیٹھا ہوں

ہر کوئی شئے حسیں ہے لیکن
سر سے غم کو اُتار بیٹھا ہوں

کتنی میٹھی صدائیں لوٹ آئیں
میں یہ کس کو پکار بیٹھا ہوں

کچھ تو دل میں بھی اپنی آنکھوں کا
بھر کے غم کا خمار بیٹھا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جانے کیوں آج دامن دل کو
کر کے میں تار تار بیٹھا ہوں

میں بھی کیا ہوں کہ آج بھی گھر میں
نیچ فصلِ بہار بیٹھا ہوں

آج فرہاد کی طرح میں بھی
زندگی سے بھی ہار بیٹھا ہوں

کس کی آمد پہ اس طرح گلزار
میں سرِ راہ گزار بیٹھا ہوں

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہیں پر بھی کوئی تم سا نہیں ہے
مرے تم ہو تو میرا کیا نہیں ہے

بہت نزدیک ہے پھر بھی وہ ظالم
کچھ اپنا ہو کے بھی اپنا نہیں ہے

کہوں کیا، دل یہ سب کچھ جان کر بھی
ابھی تک نیند سے جاگا نہیں ہے

رکھوں تو کس لیے رکھوں کہ گھر میں
کسی بھی طور دل لگتا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اندھیرا ہی اندھیرا ہے کہ گھر میں
کہیں روشن رخِ زیبا نہیں ہے

میں تنہا ہوں مگر اُس کی نظر میں
کہیں پر بھی کوئی تنہا نہیں ہے

مجھے اس حال میں پاکر بھی گلزار
کسی نے بھی تو کچھ پوچھا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یوں ہی کب تک وہ آزمائے گا
ایک دن خود ہی ہار جائے گا

جب تم دل کے قریب ہو اتنا
کون پھر دل کے پاس آئے گا

تیرے رونے سے کچھ نہیں ہوگا
چاہے کتنا بھی تو چلائے گا

جب یہاں سب کے سب پرائے ہیں
ہاتھ کس سے تو پھر ملائے گا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کس کو معلوم تھا کہ تو مجھ سے
اتنی جلدی سے روٹھ جائے گا

اس کی ہر بات سے میں واقف ہوں
وہ نہ ہنستا ہے نا ہنسائے گا

دل کو جس سے لگاؤ ہے گلزارؔ
کون اب اُس کو ڈھونڈ لائے گا

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

لوگ آئے ہیں سبھی جب، تم بھی آ کر دیکھنا
اس ویرانے میں میرا اُجڑا ہوا گھر دیکھنا

جانتا ہوں اس شہر میں کوئی بھی اپنا نہیں
تم بھی لیکن دوستوں کو آزما کر دیکھنا

شہر والے پوچھتے ہیں مجھ سے رونے کا سبب
جب یہ اپنے حال پہ حیراں ہیں اکثر، دیکھنا

دیکھنا تم کس طرح ہم نے گزاری زندگی
پھر ہمارے جسم وجاں کو تم ستمگر دیکھنا

میں بھی اوروں کی طرح کب سے کھڑا ہوں راہ میں
اس لئے مجھ کو بھی ظالم آنکھ بھر کر دیکھنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اب یہ حالت ہے کہ اب مجھ سے تو کچھ ہوتا نہیں
حال میرا تم میرے دل میں اُتر کر دیکھنا

تم کو جانا ہے تو جاؤ تم کو مجھ سے کام کیا
اک نظر مجھ کو مگر پھر بھی ستمگر دیکھنا

اور کتنے ہی مراحل ہیں ہماری راہ میں
مل ہی جائے گا کوئی ہم کو کہیں پر دیکھنا

کس لئے گلزارؔ اپنے آپ سے ناراض ہو
اور لوگوں کو بھی کچھ پل تم ٹھہر کر دیکھنا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

خود کو میں آج دیکھ کر تنہا
جیسے صحرا میں ہوں شجر تنہا

تم نہیں ہو تو یہ ہوا معلوم
زندگی بھی ہے کس قدر تنہا

اتنے لوگوں کے ساتھ رہ کر بھی
ہوں مگر جیسے دار پر تنہا

جب سے رستے میں رکھ دیا پاؤں
وہ بھی تو چل پڑے مگر تنہا

لُٹ گیا ہوں کہاں نہیں معلوم
کر رہا تھا میں جب سفر تنہا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ نہ پوچھو کہ کس طرح پھر بھی
زندگی میں نے کی بسر تنہا

یوں میں غم کے بھنور میں ہوں رقصاں
جیسے طوفاں میں ہے شرر تنہا

آج پھر میں نے چاند کی مانند
اُس کو دیکھا ہے بام پر تنہا

جب سے تم سے بچھڑ گیا گلزارؔ
پھر رہا ہوں میں در بدر تنہا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

حال کس کا ہے کیا خدا جانے
وہ نہ جانے تو کون کیا جانے

زخم کتنے ہیں جسم پر میرے
مجھ سے زیادہ میری قبا جانے

اس شہر میں بھی میرے بارے میں
کون کیا آپ کے سوا جانے

حال اپنا ہے کیا نہیں معلوم
کوئی جانے تو آئینہ جانے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بجھ گیا ہے کہاں، کہاں روشن
سب چراغوں کو یہ ہوا جانے

کون اس راستے سے گزرا ہے
ہم سے زیادہ یہ نقش پا جانے

اُس کے بارے میں کیا کہے کوئی
خاک کو بھی جو کیمیا جانے

ہم نے محسوس کی مہک لیکن
کس چمن کی ہے یہ ہوا جانے

ازل کیا ہے تو یہ نہیں معلوم
کون پھر کس کا انتہا جانے

اُس کا کیا ہے کہ جو زمانے میں
آدمی کو نہ ایک سا جانے

جانے کس شئے سے آج ٹکرا کر
لوٹ آئی صدا، خدا جانے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج اس اپنی بے بسی کا سبب
خود نہ جانو تو کون کیا جانے

کون ہے جو تیرے میرے گھر کا
اس ویرانے میں بھی پتا جانے

لوگ ایسے بھی ہیں یہاں گلزارؔ
جو بُرائی کو بھی بھلا جانے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یوں بھی ہوتا ہے کبھی سوچا نہ تھا
زندگی کو اصل میں دیکھا نہ تھا

زندگی تم سے کوئی شکوہ نہ تھا
جب میں اوروں کی طرح تنہا نہ تھا

میں تو حیراں ہوں کہ میری آج تک
زیست جتنی بھی کٹی سپنا نہ تھا

آپ کے ہوتے ہوئے گھر میں مرے
اور لوگوں کی طرح کیا کیا نہ تھا

تم کو کیا معلوم ہے دل میں مرے
حشر ایسا آج تک برپا نہ تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا کہوں اب تک کسی بھی بات پر
دل یہ میرا اس طرح ٹوٹا نہ تھا

آزمائش ہی سہی پر اس قدر
کیا میرا کردار بھی اچھا نہ تھا

اس طرح گلزارؔ اوروں پر کبھی
راز میرے درد کا افشا نہ تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زہر ہی زہر بھر دیا خود میں
پھر بھی زندہ مگر رہا خود میں

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے لیکن
خود کے بارے میں سوچتا خود میں

جانے کیا چیز چھِن گئی مجھ سے
اب تماشہ کہ بن گیا خود میں

میں کسی وقت جل بھی سکتا ہوں
جانے کیا ایسا بھر دیا خود میں

تم تو دل کے قریب ہو لیکن
دور خود سے سدا رہا خود میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیکھ تو بھی کہ تیری اُلفت میں
خود کو دیوانہ کر گیا خود میں

زندگی تجھ سے میں یہ پوچھتا ہوں
کب تیرے جبر سے بچا خود میں

تم کو ساحل پہ لا دیا لیکن
ساتھ دریا کے بہہ گیا خود میں

ہم بھی کیا خوش یہاں رہے گلزارؔ
خود کو بھی کوستا رہا خود میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مشکلیں بڑھتی ہیں بڑھنے دیجیے
اپنے بل پہ مجھ کو لڑنے دیجیے

گرم کتنا ہو چلو دیکھیں مگر
پہلے سورج کو تو چڑھنے دیجیے

اس پرندے کو بھی اوروں کی طرح
آسمانوں میں تو اُڑنے دیجیے

سختیاں زنداں کی سمجھوں گا مگر
اپنی زلفیں مجھ پہ پڑنے دیجیے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

خود ہی بولے گا کہ کس کا عکس ہوں
پہلے اس بت کو تو گڑھنے دیجیے

مقبرہ یہ عشق کا تو ہے حسیں
پھر بھی کچھ ہیرے تو جُڑنے دیجیے

میں نے بھی گلزارؔ چاہا تھا یہی
اب ہمیں گھر کو ہی مُڑنے دیجیے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

وہ بھی مجھ سے جُدا ہوئے آخر
میں نے بھی دکھ بہت سہے آخر

آج بھی گر وہ آ نہ پائے گا
مجھ سے لیکن وہ کیا کہے آخر

زندگی تیرے اس شکنجے میں
عمر بھر ہم بھی بند رہے آخر

جتنے الزام تجھ پہ عائد تھے
میں نے سب اپنے سر لیے آخر

جو تیرے حسن کے اثاثے ہیں
ہیں تو یہ کس کے واسطے آخر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بزم میں چند ہی لوگ ایسے تھے
جو نہ تھے حق میں آپ کے آخر

ہم وہی ہیں جو آپ کے آگے
دیر سے ہی مگر جھکے آخر

ایک مدت سے منتظر ہوں میں
جانے وہ مجھ سے کیا کہے آخر

کیا کہوں میں کہ جو ہمارے تھے
ہم کو بھی چھوڑ کر گئے آخر

جانتا تھا کہ تم بھی آؤ گے
دور تم بھی نہ رہ سکے آخر

لوگ اکثر تو روتے رہتے ہیں
ہم بھی کیا خوش یہاں رہے آخر

جو کہیں دور جا کے بیٹھے تھے
آج ملنے وہ آگئے آخر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جن نے آنکھوں میں رات کاٹی تھی
صبح کو وہ بھی سو گئے آخر

کیا کہوں میں کہ میرے سینے میں
تیر کتنے ہی لگ گئے آخر

تم کو جانا ہے جایئے لیکن
ساتھ مجھ کو بھی لیجئے آخر

رات بھر جو دیئے پگلتے رہے
کیا پتہ کب وہ بجھ گئے آخر

بات کیا ہے کہ سامنے سب کے
جھومتا ہے تُو بِن پیئے آخر

کس لئے وہ یہاں پہ ٹھہرے ہیں
اِن سے بھی کچھ تو پوچھئے آخر

ایک مدت سے تیری محفل میں
میں بھی بیٹھا ہوں دیکھئے آخر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ سے پوچھو گے ٹھیک ہے لیکن
خود بھی آکر تو دیکھئے آخر

دیکھنا ہے کہ کس طرح گلزارؔ
ہم بھی دنیا میں تو جئے آخر

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے غم کے مطابق دل بھی دے دے
اُچھلتی موج کو ساحل بھی دے دے

نظر لگ جائے نہ اس کو کہیں پر
چمکتے چاند کو اِک تِل بھی دے دے

کہاں تک اور بھی چلنا ہے یارب
بھٹکتی روح کو منزل بھی دے دے

میں ماضی میں بہت تڑپا ہوں لیکن
جو روشن ہو وہ مستقبل بھی دے دے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت سے غم اگر تم نے دئے ہیں
ہمیں لیکن غمِ قاتل بھی دے دے

اگر رہ رہ کے رونا ہی یارب
مجھے ہنستا ہوا اِک دل بھی دے دے

کہاں بھٹکا نہیں ہوں میں بھی گلزارؔ
خدا سے مانگ، اب منزل بھی دے دے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم کہاں ہو مجھے بتا دینا
اپنے گھر کا مجھے پتا دینا

جب کبھی میں اُداس ہو جاؤں
ہو سکے تو مجھے ہنسا دینا

میں اگر نا اُمید ہو جاؤں
تم بڑی سے بڑی سزا دینا

دوستو! تم بھی میری حالت پر
جب بھی چاہو ہنسی اُڑا دینا

دل کی دنیا اُجڑ گئی گلزارؔ
میرے حق میں مگر دعا دینا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے اس بات پر پورا یقین ہے
یہاں کوئی کسی کا تو نہیں ہے

وہ یہ کس بات پر گوشہ نشیں ہے
بھروسہ کیا اُسے خود پہ نہیں ہے

میں اِک ایسے جہاں میں رہ رہا ہوں
بہت سوکھی ہوئی جس کی زمیں ہے

میں کیوں اتنے حصوں میں بٹ گیا ہوں
کہیں میں ہوں تو میرا دل کہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں اندر سے بہت غمگیں ہوں پھر بھی
کوئی غم رخ پہ تو ظاہر نہیں ہے

میرے اندر جو یہ غم پل رہا ہے
میری دنیا اسی غم سے حسیں ہے

جسے میں ڈھونڈتا پھرتا ہوں گلزارؔ
کہیں تم نے اُسے دیکھا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم نے بھی میری طرف دیکھا نہیں
خیر، میں نے بھی تو کچھ سوچا نہیں

آسماں سے بجلیاں گرنے لگیں
ہُو کا عالم کس طرف برپا نہیں

کچھ تو ہیں یہ اپنی ہی مجبوریاں
آدمی ورنہ یوں ہی روتا نہیں

اپنی پُونجی میں نے تو بانٹی مگر
اپنے پیکر کو ابھی بانٹا نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو لگتا ہے کہ وہ میری طرح
اب کسی سے بھی کہیں ملتا نہیں

میں تو خود سے بھی بہت نالاں ہوں
اِس لئے میں نے تمہیں چاہا نہیں

کس لئے گلزار بیٹھے ہو یہاں
کیا تیرا دل بھی تیرا اپنا نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت سنسان ہیں راہیں وفا کی
کریں کیا جب یہ مرضی ہے خدا کی

گئے تو ہو مگر میرے جہاں میں
قیامت تیری فرقت نے بپا کی

خدا جانے کہ میری کس خطا پر
بڑھا دی پھر مدت میری سزا کی

میرے اللہ! میں تم سے پوچھتا ہوں
یہ کیسی زندگی مجھ کو عطا کی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اِسے کیسے میں دل سے دور کردوں
نشانی ہے یہ میرے دل رُبا کی

میں اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوں
کروں کیا بات میں ارض و سما کی

میں تم سے کیا کہوں گلزارؔ تم نے
اگر کچھ بات کی تو کی وفا کی

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم آئے ہو چلو اتنا بہت ہے
وسیع ورنہ میری دنیا بہت ہے

میں حیراں ہوں کیسے اپنا میں سمجھوں
کہ میں نے خود کو بھی پرکھا بہت ہے

وہی اِک شخص مجھ سے بدگماں ہے
جسے اپنوں سے بھی چاہا بہت ہے

تیرا آنا ہی کافی ہے کہ میں نے
اثاثہ گھر میں تو رکھا بہت ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہیں جانا ہے ُجا، اپنی طرف سے
گزرتے وقت کو روکا بہت ہے

یہاں کس کو کسی کا غم ہے یارب
یہاں ہر ایک تو تنہا بہت ہے

شہر کے ہر گلی کوچے میں گلزارؔ
تمہارے نام کا چرچا بہت ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کب لوٹو گی

جاڑے کا موسم شروع ہوتے ہی
جو پرندے یہاں سے فرار ہو چکے تھے
جیسے
کوئل، ہُدہُد، بٹیر اور ابابیل
کب کے لوٹ چکے ہیں
مگر تم
ابھی تک نہیں لوٹی ہو
تم کب لوٹو گی
میں تمہارے انتظار میں ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جو بھی میرا تھا چھن گیا مجھ سے
ہر کوئی پھر بھی ہے خفا مجھ سے

میں بھی سب کی طرح تو ہوں لیکن
اک وہی ہے جو ہے جدا مجھ سے

ہاں، یہ سچ ہے کہ ایک جیسے ہیں
ورنہ کب تم نے کی وفا مجھ سے

میں بھی کیا ہوں کہ میرا دشمن بھی
گر ملا بھی تو خوش ہوا مجھ سے

کیا خبر تھی کہ اپنے گھر کا بھی
پوچھ لے گا وہ پھر پتہ مجھ سے

جب وہ کچھ بھی نہ کرسکا گلزارؔ
تب ہی کی اُس نے التجا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں بھی کیا ہوں مری ادا کیا ہے
میری جانب تو ہر اِک دیکھتا ہے

میری حالت ہے کیا میں جانتا ہوں
کروں کیا یہ تو تیری ہی عطا ہے

جسے بھی دیکھتا ہوں خوش ہے لیکن
اندر سے ہر کوئی ٹوٹا ہوا ہے

تمہیں تو درد ہے، غم ہے، الم ہیں
ہمیں کچھ اس سے بھی زیادہ ملا ہے

کہا ہی کیا جو یہ دنیا بھی یارب
ذرا سی بات پہ مجھ سے خفا ہے

میں یہ کس شہر میں رہتا ہوں گلزار
کہاں کیا ہے یہاں سب کچھ روا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زمیں اپنی نہ اپنا آسماں ہے
نہیں کوئی کسی پر مہرباں ہے

جہاں ہر طرح کے غم رہ رہے ہیں
شہر میں اِک وہی میرا مکاں ہے

کہاں پر کیا جلا ہے کس کو معلوم
گواہ اس بات کا لیکن دھواں ہے

وہاں سے کون لوٹا ہے جو تم کو
ابھی بھی اُس کے آنے کا گماں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کوئی دیوار و در یوں تو نہیں ہے
پھر یہ کیا شئے ہمارے درمیاں ہے

یہی بس سوچ کر میں مطمئن ہوں
جو یہ حالات ہیں اِک امتحاں ہے

ہوا میں اِک عجب خوشبو ہے گلزارؔ
یہ کس گلشن کی جانب دل رواں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

عجب سب کچھ مجھے لگنے لگا ہے
کوئی کیا ہر کوئی سجنے لگا ہے

میں خود حیران ہوں میرے لئے بھی
رقیبوں سے بھی وہ ملنے لگا ہے

میں تنہا تو نہیں اُلفت میں تیری
دِیا جیسا یہ دل بجھنے لگا ہے

نہ جانے کس لئے وہ ساتھ میرے
وفا کی راہ میں چلنے لگا ہے

فقط میں نے تمہیں چاہا تھا لیکن
زمانہ کس لئے جلنے لگا ہے

مجھے کہنا ہے جو کہنے دو گلزارؔ
کہ سارا جسم اب دکھنے لگا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہاں ہوں کیا کروں اتنا بتا دے
میرے اللہ! مجھے میرا پتا دے

پرانا ہی سہی پھر بھی کسی دن
در و دیوار اس گھر کے سجا دے

یہ دنیا بھی بہت دلکش ہے لیکن
جہاں میں جی سکوں ارض و سما دے

یوں آئینہ میں ہر پل دیکھتا ہوں
میرا چہرا میرے آگے تو لا دے

جو سب کچھ خود گنوا بیٹھا ہو گلزارؔ
کسی کو وہ اگر کچھ دے تو کیا دے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں اور کیا چھپاؤں میں
جھوٹ بھی کتنا بول پاؤں میں

بول تو ہی کہ سامنے سب کے
حال اپنا ہے کیا، سناؤں میں

مجھ سے اے دوست یہ نہیں ہوگا
اپنی اُلفت کو بھول جاؤں میں

لوگ ظالم ہیں اس لیے میری
ہے روش اور ہی اداؤں میں

ذہن و دل ہی نہیں ہو جب بس میں
خود کو کیسے سنبھال پاؤں میں

مجھ کو جکڑے ہوئی ہیں زنجیریں
بیڑیاں بھی پڑی ہیں پاؤں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم آئے ہو چلو اتنا بہت
وسیع ورنہ میری دنیا بہت

میں حیراں ہوں کے اپنا میں بھی
کہ میں نے خود کو بھی پرکھا بہت

وہی اِک شخص مجھ سے بدگماں
جسے اپنوں سے بھی چاہا بہت

تیرا آنا ہی کافی ہے کہ میں
اثاثہ گھر میں تو رکھا بہت

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بے وفا ہے مگر چلو پھر بھی
اک دفعہ اور آزماؤں میں

اب یہاں کون مجھ کو سمجھے گا
چاہے کتنا بھی اب چلاؤں میں

کیا کروں میں کہ نقش پا تیرے
دل سے اب کس طرح مٹاؤں میں

میری باتوں میں ہی نہیں اے دوست
تم ہو شامل میری دعاؤں میں

تم کو کیا چاہیئے تمہیں اس پل
گل تو کیا گلستاں دلاؤں میں

چاہتا ہوں کہ نام پر تیرے
شہر الفت کا بھی بساؤں میں

تم کو دکھ ہے بہت مگر گلزارؔ
داغ دل کے اگر دکھاؤں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یوں تو منظر حسیں ہیں لیکن
ایک ہلچل سی ہے نگاہوں میں

یہ ضروری نہیں کہ تم سے ہی
دل کہیں اور بھی لگاؤں میں

تم نہیں ہو تو کس لئے میں بھی
گھر کے دیوار و در سجاؤں میں

میں تو مجنون ہوں مگر پھر بھی
یوں کسی پہ نہ مسکراؤں میں

دل تو پہلے ہی دے چکا ہوں میں
اب یہ کیا جان بھی لٹاؤں میں

یوں چلاتا ہوں روز و شب میں بھی
درد کیا ہے تیری صداؤں میں

ہجر کی رات ہے چلو تنہا
گا نہ پاؤں تو گنگناؤں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بے وفا ہے مگر چلو پھر بھی
اک دفعہ اور آزماؤں میں

اب یہاں کون مجھ کو سمجھے گا
چاہے کتنا بھی اب چلاؤں میں

کیا کروں میں کہ نقش پا تیرے
دل سے اب کس طرح مٹاؤں میں

میری باتوں میں ہی نہیں اے دوست
تم ہو شامل میری دعاؤں میں

تم کو کیا چاہیئے تمہیں اس پل
گل تو کیا گلستاں دلاؤں میں

چاہتا ہوں کہ نام پر تیرے
شہر الفت کا بھی بساؤں میں

تم کو دکھ ہے بہت مگر گلزارؔ
داغ دل کے اگر دکھاؤں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کتبہ

جب بھی میں تمہاری قبر پر
فاتحہ پڑھنے آتا ہوں
تمہاری قبر پر لگے ہوئے کتبے کو
جس پر
تمہارا نام تحریر کیا گیا ہے
بوسہ دیتا ہوں
پھر اپنے ہاتھ تمہارے نام پر پھرا کر
اپنے
چہرے پر پھیرتا ہوں
ہم ایک دوسرے سے الگ نہیں ہیں
ہم اب بھی
ایک ساتھ ہیں
ہاں
اگر ہمارے شریر
ایک دوسرے سے الگ الگ ہیں
ہم نہیں
ہمارا دل
ہماری ذات نہیں
ہمارا نام نہیں
اس کتبے کو ہی دیکھو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بلائیں گے مگر کس کو بلائیں
جو سوئے ہوں اُنہیں ہم کیا جگائیں

مجھے معلوم ہے مجھ کو وفا میں
زمانے سے وہ مجھ کو آزمائیں

کہاں جائیں گے ہم کس کے شہر میں
ہم اپنے آپ کو یوں لے کے جائیں

تم آئے ہو مگر حیراں ہیں اس دن
تیری آمد پہ ہم کیا کیا لٹائیں

بہت ہی درد ہے دل میں مگر ہم
تمہیں ہر حال میں دیں گے دعائیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہمارا حال ہے کیا، ہم سے زیادہ
ہیں واقف خوب یہ اپنی قبائیں

بہت ہی تیز ہیں جا کے تو دیکھو
ہیں یہ کس سمت کی ایسی ہوائیں

بہت کمزور ہیں ہم بھی مگر ہم
چلو اِک دوسرے کو آزمائیں

جواب کے ہیں کچھ ان سے خوبصورت
تھیں وہ میرے لڑکپن کی فضائیں

میرا دل ہی نہیں ہے تیری خاطر
بہت ہی منتظر ہیں میری بائیں

جہاں کو ہم سجا پائے نہ لیکن
چلو اس گھر کو ہی اب کے سجائیں

تم ایسے کہہ رہے ہو جیسے ہم نے
سجائی ہیں کہیں پر قتل گاہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ملا ہے کیا کسی کو دشمنی سے
میری مانو کہ ہم یاری نبھائیں

تم کہتے ہو مگر اے دوست میرے
تمہیں ہم حال اپنا کیا سنائیں

ہمیں وہ دیکھ کر حیراں ہے لیکن
ہم ہی نے تو اُسے دی ہیں دعائیں

پھٹی تو تھیں مگر میلی نہیں تھیں
تیری جیسی تھیں میری بھی قبائیں

بہت ہی منتظر تھے ہم بھی لیکن
فقط پتھرا گئیں میری نگاہیں

شرم سے میری آنکھیں جھک گئی ہیں
بھلے ہی تھیں اگر میری قبائیں

سخی وہ ہیں مگر میں تب ہی مانو
کسی دن جب وہ میرے کام آئیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کٹھن تو ہیں نہیں پھر بھی میں کہہ دوں
کہاں ہموار ہیں اُلفت کی راہیں

چلایا ہوں بہت میں بھی کہ مجھ میں
ہیں اب بھی گونجتی میری صدائیں

تم آئے ہو مگر اے دوست میرے
تمہیں گھر میں کہ اب دل میں بٹھائیں

کوئی سمجھے نہ سمجھے ہم کو لیکن
وہ اپنا دوست ہم کو جان جائیں

تمہیں تو دیکھ کر لگتا ہے گلزارؔ
ہیں تم میں بھی جہاں بھر کی ادائیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کبھی گُل تو کبھی گُلشن لکھوں میں
کبھی پھولوں بھرا دامن لکھوں میں

تم میرے واسطے کیا کچھ نہیں ہو
تمہیں کلیوں بھرا آنگن لکھوں میں

❖

کہوں بھی کسے

اب
اگر میں تھک بھی جاتا ہوں
میں کسی سے نہیں کہتا ہوں
کہ میں
تھک گیا ہوں
کہوں بھی کسے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کتنی اچھی تھی زندگی پہلے
حد سے زیادہ حسین تھی پہلے

جب سے شعلوں سے کھیلنا چاہا
بات کچھ زندگی سے کی پہلے

اب میں تم سا نہیں رہا لیکن
شکل میری تھی آپ سی پہلے

اب اگر دوستی بڑھا دی ہے
تم سے کب دشمنی رہی پہلے

تم کو میں یوں ہی آزماتا ہوں
ورنہ ہے تم سے دوستی پہلے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی تب ہی دور ہوں تجھ سے
جب وداع مجھ سے تو ہوئی پہلے

تیرے بارے میں کیا کہوں پھر بھی
زندگی تو نہ ایسی تھی پہلے

غم کے سانچے میں ڈھل گئی ورنہ
زندگی کب اُداس تھی پہلے

حال اپنا میں کیا کہوں گلزارؔ
اپنی حالت نہ ایسی تھی پہلے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تیرے بِنا

بالکل اُسی جگہ
میں اتنے سالوں کے بعد رُک گیا
جس جگہ پہلی بار
ہم نے ایک دوسرے کو دیکھا تھا
جانا تھا

مگر اب اُس جگہ کی شکل وصورت ہی بدل چکی ہے
لیکن میرے ذہن پر
وہی نقشہ اُبھر کر سامنے آیا
جو وہ لمحہ چھوڑ گیا تھا
جب ہم ایک دوسرے سے ملے تھے

اب جبکہ ہم
ایک دوسرے کے قریب آچکے تھے
تو اچانک

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ سے اتنی دور چلی گئی

جہاں سے تمہارا لوٹنا
مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے

اب میں اس سوچ میں ڈوبا رہتا ہوں

کہ اب میں

کیسے جیوں

تیرے بِنا

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں تو دیکھنے میں بھی مزا ہے
یہ میرا عشق یا تیری وفا ہے

نہ جانے کس لئے میری طرف یوں
وہ ظالم آنکھ بھر کر دیکھتا ہے

وہ مجھ سے تو ملا ہے اتفاقاً
کہاں ورنہ مجھے وہ جانتا ہے

وہ اچھا ہے مگر میری نظر میں
ذرا سی بات پر بھی روٹھتا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زمیں، ساگر ہیں کیا میں جانتا ہوں
مگر وہ عرش اونچائی پہ کیا ہے

مجھے خود سے شکایت تھی مگر اب
نظر میری جہاں سے بھی خفا ہے

جانے کیا آج دیکھ کر گلزار
دل مرا اس طرح دھڑکتا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

آج کیا سوچ کر ملا مجھ سے
عمر بھر دور جو رہا مجھ سے

ایک وہ ہے جو ہے خفا مجھ سے
ورنہ کس نے نہ کی وفا مجھ سے

مجھ کو معلوم کیا کہ دنیا میں
کب کہاں پر ہوئی خطا مجھ سے

پھر بھی میں تم سے بات کرتا ہوں
ورنہ تم نے بھی کیا کیا مجھ سے

چھن گیا کیا نہ کچھ مگر گلزارؔ
چھن نہ جائے کہیں وفا مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اندھیرا ہی اندھیرا ہے نظر میں
میں بیٹھا ہوں نہیں ایسے ہی گھر میں

وہ اپنے آپ میں گم ہے تو میں بھی
خود ہی کو ڈھونڈتا ہوں خود نگر میں

میں مجنوں ہوں مگر تم یہ نہ سمجھو
کہ اپنے آپ سے ہوں بے خبر میں

یہاں رونق ہی رونق ہے مگر کب
کہیں ٹھہرا ہوں پھر بھی رات بھر میں

نہ جانے کب وہ لوٹے گا کہ میرے
بہت سے لوگ آ بیٹھے ہیں گھر میں

تم یہ کیا ڈھونڈتے پھرتے ہو گلزارؔ
تمہیں یہ پوچھتا ہوں کیا مگر میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم آؤ گے ہمارے گھر مگر کب
بدل جائے گا یہ منظر مگر کب

مجھے معلوم ہے وہ مجھ سے پہلے
پہنچ جائے گا اپنا گھر مگر کب

میری قسمت کے تارے بھی کسی دن
اُتر آئیں گے دھرتی پر مگر کب

تم کہتے ہو چلو میں مانتا ہوں
سنور جائے گا اپنا گھر مگر کب

یقیناً میں بھی تم کو چاہتا ہوں
بجا ہے عشق کا جاںجھر مگر کب

بہت مشکل سے پہنچا ہوں میں گلزار
ملا ہے گر کہیں رہبر مگر کب

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں جو بھی دیکھتا ہوں بھولتا ہوں
بس تم کو بھولنا مشکل بہت ہے

تیری فرقت کے غم میں کیا بتاؤں
نظر پُرنم، پشیماں دل بہت ہے

❖

تم ہی کو دیکھ کر میں نے کہا تھا
یہ دنیا کس قدر دیکھو حسیں ہے

مگر تم جب سے رخصت ہوگئی ہو
یہ دنیا بھی وہ دنیا تو نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اپنوں پہ اختیار نہ غیروں سے دوستی
جس کو بھی دیکھتا ہوں میں لگتا ہے اجنبی

تم بھی کھڑی ہو رہ میں دیوار کی طرح
کیا میرے لئے تم بھی پرائی ہو زندگی

نادان ہیں یہ لوگ کہ رونے کو بھی مرے
ہر وقت سمجھتے ہیں فقط ہے یہ دل لگی

میں غم کے دائرے میں تو پہلے ہی بند ہوں
مجھ کو ہے کیا خبر کہ ہنسی کیا ہے کیا خوشی

دنیا یہ کس کے واسطے ہنسنے کی جگہ ہے
روتا ہے ہر کوئی یہاں پھر کیا ہے آدمی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اوروں کی طرح میں بھی یہاں جی تو رہا ہوں
پر ایسی زندگی تو برابر ہے خودکشی

جو کھو گیا وہ خود سے بھی مجھ کو عزیز تھا
اُس کو بھی میری ذات سے اُلفت تو کم نہ تھی

ویسے تو ہر اِک بات پہ کرتا ہوں یقیں میں
تم مجھ سے الگ ہو یہ مگر بات ہے جھوٹی

گلزار تم کو غم سے شکایت ہے مگر کب
کس دل سے تو بتا نہ اُلجھتی ہے زندگی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کب وہ سنتا ہے التجا میری
لوٹ آئی ہے ہر صدا میری

جُرم سنگیں تھا مگر اُس نے
معاف کردی ہے ہر خطا میری

میری سانسوں میں بھی مہک اتنی
کس نے اوڑھی ہے یہ ردا میری

جانے کس شئے سے آج ٹکرا کر
لوٹ آئی ہے ہر دعا میری

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

روح حاضر تو ہے سِوا اس کے
مجھ سے کیا چاہے گی قضا میری

دونوں اس کام میں ملوث ہیں
کیوں بڑھا دی گئی سزا میری

میں بھی انسان ہوں مگر گلزارؔ
کیوں الگ تم سے ہے ادا میری

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جسے میں نے کہیں دیکھا نہیں ہے
وہ میرے واسطے کیا کیا نہیں ہے

شہر میں اک وہی ملتا نہیں ہے
کئی دن سے جسے دیکھا نہیں ہے

بتاؤں کیا کہ کب سے منتظر ہوں
مگر پھر بھی اُسے دیکھا نہیں ہے

فقط میں ہوں کہ تنہا گھومتا ہوں
شہر میں جب کوئی تنہا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پشیماں وہ بھی ہے میں جانتا ہوں
میں جتنا ہوں مگر اُتنا نہیں ہے

مجھے ہر ایک نے سمجھا ہے لیکن
فقط اُس نے مجھے سمجھا نہیں ہے

میں یہ کیا دیکھ کر حیراں ہوں گلزارؔ
سمجھ میں کچھ میری آتا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسے چاہوں کسے میں بھول جاؤں
میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں

میں تنہا تو نہیں ہوں ساتھ میرے
بہت ویران ہے یہ میرا گاؤں

سمجھتا ہی نہیں ہے وہ بھی مجھ کو
میں اپنے دشمنوں کا کیا بتاؤں

بہت اے دوست رو گے اگر میں
ہے اپنا حال کیا تم کو سناؤں

چلو تم، پھر بھی سمجھو تم سے پہلے
پہنچنا ہے جہاں میں پہنچ جاؤں

اگر تم غور سے دیکھو گے گلزارؔ
کہیں دیوار ہے کہیں چھاؤں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے تیری وفاؤں سے ملا کیا
جہاں بھر کی دعاؤں سے ملا کیا

تجھے تو شہر والے پوجتے ہیں
مجھے میرے ہی گاؤں سے ملا کیا

تجھے جب اس طرح میں دیکھتا ہوں
مجھے تیری اداؤں سے ملا کیا

میرا تو ایک ہے میں مطمئن ہوں
تجھے اتنے خداؤں سے ملا کیا

یہی گلزار میں بھی سوچتا ہوں
جہاں کے خیرخواہوں سے ملا کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

چاند مایوس آسماں مایوس
پھر رہا ہوں کہاں کہاں مایوس

اب تو لگتا ہے تیری فرقت میں
ہر کوئی ہے یہاں وہاں مایوس

❖

مجھ کو یوں ہی اُداس رہنے دو
ویسے بھی میں نے کب خوشی دیکھی

تم تو خوش ہو چلو رہو لیکن
میں نے بھی کب کی یہ ہنسی دیکھی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم آؤ گے نہیں میں جانتا ہوں
کہ ہے یہ بس یقیں، میں جانتا ہوں

کسی کے عشق میں میری طرح وہ
بھٹکتا ہے کہیں میں جانتا ہوں

کہاں جاؤ گے تم میری نظر میں
وہ گھر پر ہے نہیں میں جانتا ہوں

بہت خود غرض ہے پھر بھی وہ میرے
ہے اس دل میں کہیں، میں جانتا ہوں

میں خالی تو نہیں ہوں مجھ میں گلزارؔ
ہے کوئی دل نشیں میں جانتا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں بدلا ہوں مگر تو بھی بدل جا
جہاں سے بھی کہیں آگے نکل جا

ابھی تم میں بہت سی خامیاں ہیں
ابھی تو وقت ہے کچھ تو سنبھل جا

اگر گھر میں تیرا کچھ بھی نہیں ہے
تو خود کو ہی کہیں لے کے نکل جا

یہاں سے شہر تک لمبا سفر ہے
یہی میں سوچ کر کہتا ہوں کل جا

لیے ہیں پھول میں نے بھی مگر تم
جہاں تک ہو سکے لے کے کنول جا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کسی سے گر محبت ہے تو پھر تم
وفا میں موم کی مانند پگل جا

جلے ہیں آج تک کتنے ہی لیکن
تو مجنوں کی طرح صحرا میں جل جا

یہی گلزار میں بھی کہہ رہا ہوں
کہ اوروں کی طرح تو بھی سنبھل جا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہاری طرح

آج ہم آڑو کے پیڑ
پھر دیکھنے گئے تھے
جو ہم نے حال ہی میں لگائے تھے
کچھ کے پتے نکل آئے تھے
اور
کچھ کے ابھی نکلنے باقی تھے
میں اکیلا نہیں تھا
تو بھی میرے ساتھ تھی
سائے کی طرح
اور
بار بار پوچھا کرتی تھی
جن کے پتے ابھی تک نکل نہیں آئے ہیں
ان کے پتے کب نکل آئیں گے

اپریل کے مہینے میں
یہ بھی
سرشار ہوں گے
شاداب ہوں گے
تمہاری طرح

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ میں نے کب کہا کہ مجھے پیار نہیں ہے
پر کیا کروں کہ تو ہی طلبگار نہیں ہے

دنیا کی طرح میں بھی بدل جاؤں گا اک دِن
دنیا کو بھی اس بات سے انکار نہیں ہے

تم مجھ سے دور ہو مگر اس دل کے سفر میں
یوں تو کسی مقام پہ دیوار نہیں ہے

تم بھی اے دوست! مجھ کو کہاں لے کے آئے ہو
کیا خود تو کسی شئے کا خریدار نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اتنوں کے ساتھ رہ کے بھی تیرے جہان میں
مجھ کو تو کسی سے بھی سروکار نہیں ہے

نفرت سی ہوگئی ہے ہر اِک شخص سے مگر
تیری وفا سے مجھ کو تو انکار نہیں ہے

گلزارؔ اُس کو ڈھونڈنا مشکل تو ہے مگر
تو جان، وہ اُس پار ہے اُس پار نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ابھی تک میں نے یہ سوچا نہیں ہے
مگر ویسے بھی یوں ہوتا نہیں ہے

ہے اپنا حال کیا تیری وفا میں
کسی سے بھی کبھی پوچھا نہیں ہے

میں سو جاتا مگر کیا ہے کہ مجھ میں
کوئی ہے جو کبھی سوتا نہیں ہے

میں پتھر تو نہیں ہوں آدمی ہوں
کہا کس نے بشر روتا نہیں ہے

تو کہتا ہے تو تنہا ہے مگر کیوں
تیرے گھر میں کوئی پوتا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہا تو تھا مگر اس مسئلے پر
مجھے خود سے بھی سمجھوتا نہیں ہے

یہ قصبہ ہے یہاں گاؤں کی مانند
کسی کا بھی کوئی ہوتا نہیں ہے

ہو کتنی بھیڑ بھی میلے میں لیکن
بھکارن کا بچہ کھوتا نہیں ہے

کہاں ہوتا ہے کیا رہنے دو گلزارؔ
یہاں کس وقت کیا ہوتا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میری طرح

شجر کی اُوپری شاخ پر بیٹھا
اک پرندہ
تنہا
کسی گہرے سوچ میں ڈوبا ہوا
خموشی کا لبادہ پہنے ہوئے
اِدھر اُدھر دیکھتا تھا
جبکہ
آس پاس کے پرندے
جیسے
کوئل، مینا اور چڑیا
اپنی دھن میں مگن
گاتی تھیں
یوں محسوس ہوتا تھا
کہ جیسے
ان کے اپنے ان کے پاس ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہا تو تھا مگر اس مسئلے پر
مجھے خود سے بھی سمجھوتا نہیں ہے

یہ قصبہ ہے یہاں گاؤں کی مانند
کسی کا بھی کوئی ہوتا نہیں ہے

ہو کتنی بھیڑ بھی میلے میں لیکن
بھکارن کا بچہ کھوتا نہیں ہے

کہاں ہوتا ہے کیا رہنے دو گلزارؔ
یہاں کس وقت کیا ہوتا نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل ہے ویراں مگر بدن آباد
جیسے صحرا میں ہے چمن آباد

بستیاں گر اُجڑ گئیں پھر بھی
شکر ہے اب بھی ہیں یہ بن آباد

لوگ مدہوش ہی سہی لیکن
دیکھنا ہے کہ ہے وطن آباد

اب یہ کیا حال ہے کہ اب اپنا
جسم لاگر ہے پیرہن آباد

کس کو معلوم ہے نہیں میری
اس جبیں پر ہے اِک شکن آباد

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہائے کیا ہے کہ اب زمانے میں
گھر ہیں ویران اُنجمن آباد

ہر کسی سے میں یوں ہی ملتا ہوں
ہے یہی مجھ میں بانکپن آباد

یوں بھی لگتا ہے اس میرے دل میں
ہے زمانے کی ہر تھکن آباد

ہم تو اس دل سے کیا کہیں گلزارؔ
اس کے دم سے ہے جان وتن آباد

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا تم آج بھی نہیں آؤ گے

آج عید کا دن ہے
کیا تم آج بھی نہیں آؤ گے
لوگ خوشی سے جھوم رہے ہیں
بچے رنگ برنگے کپڑے پہنے ہوئے
چاروں اور گھوم رہے ہیں
ایسا لگ رہا ہے
کہ جیسے
آسماں سے زمیں پر تارے اُتر آئے ہیں
آج عید کا دن ہے نا
چونکہ یہ بہار کا موسم بھی ہے
اس لئے
پیڑوں نے بھی سبز رنگ کا لباس
پہن رکھا ہے
اور
زمین پر سبز رنگ کی دری بچھی ہوئی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پرندے اپنی دُھن میں مگن
چہچہا رہے ہیں
آج عید کا دن ہے نا
سورج اِک نئے انداز کے ساتھ
اپنی سنہری کرنیں
زمین پر بکھیر رہا ہے
اور
آہستہ آہستہ اپنی منزل کی اور
بڑھ رہا ہے
آج عید کا دن ہے نا
گھر میں آج صبح سے ہی
بڑی چہل پہل رہی ہے
اِک عجیب سی کیفیت ہے
مگر
تم کہیں نظر نہیں آ رہی ہو
تم کہاں ہو
تم کب آؤ گی
آج عید کا دن ہے
کیا تم آج بھی نہیں آؤ گی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہو رہا ہے کیا کہاں پر دیکھنا
زندگی ہے خود بھی ششدر دیکھنا

زندگی کے بھی تماشے ہیں عجیب
دوست، خود کو بھی ٹھہر کر دیکھنا

کون اپنا ہے کسے باتیں کریں
کون بکھرا ہے کہاں پر دیکھنا

کون کہتا ہے کہ ہم دھرتی پہ ہیں
ہیں کہاں پھر مہ و اختر دیکھنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آدمیت بھی ہے مرجھائی ہوئی
جھک گئے ہیں اب صنوبر دیکھنا

چاہے اب کوئی یہاں کچھ بھی کہے
ہم بھی ٹھہرے ہیں سخنور دیکھنا

جانتا ہوں تم کو جانا ہے کہاں
میں نے بھی باندھا ہے بستر دیکھنا

فون پر بھی بات کرنا ٹھیک ہے
حال کیا ہے یہ بھی آکر دیکھنا

کس طرح اوروں کو دیکھو گے مگر
میری جانب مسکرا کر دیکھنا

میرے حق میں تم گواہی دو مگر
ذہن میں اُس کو بھی رکھ کر دیکھنا

حال کیا دھرتی کا ہے تم بھی کبھی
بام سے گھر کے اُتر کر دیکھنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہاتھ میں تلوار ہے پھر بھی کبھی
غور سے اپنا یہ پیکر دیکھنا

اپنی صورت روز تم دیکھو مگر
پہن کر تھوڑے سے زیور دیکھنا

جانتا ہوں تم کو فرصت ہے نہیں
اس طرف پھر بھی گھڑی بھر دیکھنا

کس قدر خستہ ہیں اس کے بام و در
پھر بھی ہے آباد یہ گھر دیکھنا

میں اگر کچھ بھی نہیں ہوں ایک دن
میں بدل جاؤں گا یکسر دیکھنا

لوگ کہتے ہیں مگر معلوم کیا
پھر بھی تم آنکھیں اُٹھا کر دیکھنا

لوگ دیکھو، ہیں یہاں کس حال میں
شہر سارا ہے یہ ابتر دیکھنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جانتا ہوں اس شہر کی بھیڑ میں
کس نے کھینچا تیر مجھ پر دیکھنا

تیری نسبت میں اگر کمزور ہوں
قد ہمارا ہے برابر دیکھنا

ایسے کیا حالات ہیں اس شہر میں
رو رہے ہیں لوگ اکثر دیکھنا

آپ کے ہوتے ہوئے میں خوش تو ہوں
مشکلیں پھر بھی ہیں مجھ پر دیکھنا

یوں وہ مجھ سے روز ملتا ہے مگر
راستہ اپنا بدل کر دیکھنا

آج تک دل میں کوئی ہلچل نہ تھی
آج کیا کچھ ہے کہاں پر دیکھنا

تم کبھی آجاؤ کسی دن اس طرف
لوگ ٹھہرے ہیں یہاں پر دیکھنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جی رہے ہیں ہم یہاں کس حال میں
لوگ جب خوش ہیں یہاں پر دیکھنا

میں تو تنہا ہوں مگر رہ میں میری
جا بجا بکھرے ہیں پتھر دیکھنا

دیکھنا گلزار میرے سامنے
کیا ہیں یہ مینا و ساغر دیکھنا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

چاہتا تو نہیں تھا

چاہتا تو نہیں تھا
مگر حالات نے مجبور کر دیا
کہ میں
پھر سے نوکری کروں
تاکہ اس تنہائی سے چھٹکارا پا سکوں
ہنسوں
اوروں کی طرح جی سکوں
اور مر بھی سکوں
کپڑے بدل لیے
سائیکل نکالی
مگر پہلے کی طرح
کسی سے تو پوچھ کر ہی نکلنا تھا
آواز دی
جب اندر سے کوئی جواب نہیں ملا
تب پتہ چلا کہ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم یہاں نہیں ہو
ایسے ہی نکلنا پڑا
کسی کی دعائیں ساتھ نہیں تھیں
اس لیے
ایسے ہی واپس بھی لوٹنا پڑا
ایک پیاسے پنچھی کی طرح

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

باورا

تمہیں ابھی نہیں جانا چاہیے تھا
مگر تو گئی
کیا تم نے یہ بھی نہیں سوچا
کہ جس شخص نے
تمہیں
اپنا دل سونپ دیا ہے
اُس کا کیا ہوگا
کیا وہ خود کو سنبھال پائے گا کہ نہیں
کیا اُس کا وجود بکھرنے سے بچ پائے گا کہ نہیں
کیا وہ اپنے دل کو قابو میں رکھ پائے گا کہ نہیں
یہ سب کچھ بنا سوچے سمجھے تم نے
مجھ سے کنارہ کرلیا
اگر
تم نے مجھ سے کنارہ کرلیا ہے تو
میں نے دنیا کے ہر رشتے سے
کنارہ کش ہونے کی قسم کھائی ہے
چاہے
لوگ مجھے باورا ہی کیوں نہ کہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب کہاں جائیں ہم کدھر کو چلیں
تم کہو گے جہاں اُدھر کو چلیں

رات کو تم کہاں یوں جاؤ گے
شب کو ٹھہرو تو پھر سحر کو چلیں

آج ہی ہم جہاں سے آئے ہیں
کیوں وہاں پھر نہ رات بھر کو چلیں

ہم کو جانا ہے جائیں گے لیکن
ساتھ لے کر ہم چارہ گر کو چلیں

وہ تو جب بات بھی نہیں کرتا
ہم تو کیا پوجنے پتھر کو چلیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا یہاں سے ہی لوٹ جاؤ گے
آؤ کچھ دیر میرے گھر کو چلیں

اب یہاں پر بھی جی نہیں لگتا
کیوں نہ بن باس عمر بھر کو چلیں

ہم جہاں سے ابھی سے آئے ہیں
آؤ پھر دوست اُس نگر کو چلیں

دل یہ چاہتا ہے کچھ دنوں کے لئے
کیوں نہ گلزارؔ ہم سفر کو چلیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں نے سوچا تھا کیا وہ کیا نکلے
غیر ہو کر بھی آشنا نکلے

کس کو معلوم تھا میرے گھر سے
یہ اثاثہ بھی آپ کا نکلے

مجھ کو تب تک یوں ہی بھٹکنا ہے
کوئی جب تک نہ راستہ نکلے

میں سمجھتا تھا غیر ہے لیکن
وہ تو خود سے بھی باوفا نکلے

دوست کتنے ہی تھے مگر کس پل
بے مروت وہ بے وفا نکلے

کب یہ سوچا تھا اس طرح گلزارؔ
ہر طرح سے وہ آپ سا نکلے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھے کیا کچھ نہیں سہنا پڑا ہے
کبھی رونا کبھی ہنسنا پڑا ہے

کہوں کیا مجھ کو اپنے آپ سے بھی
ہمیشہ جھوٹ ہی کہنا پڑا ہے

یہاں کیا کچھ نہیں سہہ کر بھی یارب
بہت کچھ اور بھی سہنا پڑا ہے

مجھے اپنی محبت کے عوض میں
نہ پوچھو مجھ کو کیا دینا پڑا ہے

بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں گلزارؔ
جنہیں گردش میں ہی رہنا پڑا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دل تو ناداں ہے

دل کا کیا
دل تو ناداں ہے
یہ کبھی کبھی ایسے بھی دھڑکتا ہے
کہ
انسان کا سارا وجود
لرز اُٹھتا ہے

جب انساں
کسی ایسے سوچ میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے
جس کا کوئی حل نہیں ہوتا
کرے بھی کیا
سوچنا انسان کی فطرت ہے
ویسے بھی
زندگی کا دستور یہی ہے
کہ انساں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

سوچتا رہے
اسی لیے
انساں کیا کچھ نہیں سوچتا ہے
وہ یہ بھی سوچتا ہے
جو نہیں سوچنا چاہیئے
پھر بھی ہم
دل ہی کو قصوروار ٹھہراتے ہیں
جو سنتا تو ہے
مگر
کچھ کہے بغیر
اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے
سمے کی طرح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ملا ہے کیا نہ کچھ مجھ کو جہاں سے
گلہ ہے پھر بھی تجھ کو آسماں سے

جہاں والے مجھ ہی سے پوچھتے ہیں
میں واقف ہوں کہاں کون و مکاں سے

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
کہ کچھ تارے بڑے ہیں آسماں سے

گئے تو ہو مگر دل کی زمیں پر
تیرے پیروں کے ہیں اب بھی نشاں سے

کس سے پوچھوں کسے معلوم ہوگا
بچھڑتا ہے کوئی کیوں کارواں سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں جاؤں کہ مجھ کو ہر کہیں پر
گھٹن محسوس ہوتی ہے زنداں سے

بہت حد تک یہ میں بھی جانتا ہوں
یہ دنیا تو حسیں تھی گلستاں سے

بہت چالاک ہے تو بھی کہ میرے
بہت آگے ہے تو وہم و گماں سے

کہوں کیا اُس کے بارے میں کہ گلزارؔ
وہ پیارا تھا مجھے اپنی بھی جاں سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مقدر میں مرے کیا کیا نہیں تھا
مگر کیا ہے کہ کچھ اچھا نہیں تھا

بہت ہی نرم دل تھا میں بھی لیکن
زمانے کی نظر میں کیا نہیں تھا

گیا تو تھا مگر محفل میں اُس کی
سِوا میرے کوئی تنہا نہیں تھا

بہت افسوس ہے تیری گلی میں
میری خاطر کوئی چرچا نہیں تھا

میں خود حیران ہوں محفل میں تیری
وہی اِک شخص کیوں آیا نہیں تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وہ بدلا تو نہیں ہے پھر بھی میری
نظر میں وہ کبھی ایسا نہیں تھا

مجھے معلوم ہے میرے لئے وہ
پرایا تھا مگر اتنا نہیں تھا

سمجھتا کیوں نہیں ہے تو بھی گلزارؔ
اس سے پہلے میں یوں تنہا نہیں تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زندگی تو یہی ہے

میرے پاس کیا کچھ نہیں ہے
میرے پاس سب کچھ ہے
میرے پاس آنسو ہیں
آہیں ہیں
کراہیں ہیں
میں دُکھ اور درد کا پُجاری ہمیشہ
اسی دُھن میں رہتا ہوں
کہ کہاں
مجھے ایسے مناظر دیکھنے کو ملیں
جہاں آہیں ہوں
کراہیں ہوں
تاکہ میں
اپنے اس دل کو سمجھا سکوں
کہ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیکھ اے ناداں
زندگی تو یہی ہے
اس میں کوئی شک نہیں کہ
کسی کے چلے جانے سے تمہیں
بہت دُکھ پہنچا ہے
پر کیا کریں
زندگی تو یہی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہی میں سوچ کر تم سے ملا ہوں
کہ میں ہر طرح سے تنہا ہوا ہوں

تم کہتے ہو چلو میں آپ سا ہوں
اگر دیکھوں، میں خود سے بھی جدا ہوں

کسی سے کیا، میں اپنے آپ سے بھی
ذرا سی بات پہ اب بھی خفا ہوں

بھلا وہ کون ہے میں جس کی خاطر
یہاں کی ہر کسی شئے پہ فدا ہوں

میری اوقات ہی کیا ہے کہ میں بھی
کسی مفلس کے گھر کا تو دیا ہوں

کوئی شئے تھی کہ جس کے ساتھ گلزارؔ
میں کل شب زور سے ٹکرا گیا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب اپنی خبر ہے نہ زمانے کی خبر ہے
اتنا تو ہے کہ مجھ پہ کسی کی تو نظر ہے

میں کیا کہوں کہ کوئی یہاں کیوں نہیں آتا
حالانکہ میرے گھر میں نہ دیوار نہ در ہے

میں کیا ہوں کیا نہیں ہوں مگر تم کو اِسے کیا
ویسے تو تیرے حال پہ میری بھی نظر ہے

میں بھی ان سب کو دیکھ کے مایوس بہت ہوں
ان دوستوں کے پاس نہ فن ہے نہ ہنر ہے

گلزار کسی طور تو اس دل کو بتا دے
میرے خیال میں یہ اِدھر ہے نہ اُدھر ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دشوار ہے بہت کہ تمہیں بھول جاؤں میں
چاہے کسی بھی کام پہ خود کو لگاؤں میں

وعدہ تو تھا یہی کہ چلو ساتھ جئیں ہم
تنہا یہ اپنی لاش کہاں لے کے جاؤں میں

ہر اِک کو چھیڑنا مری فطرت میں ہے مگر
کس دل کو کس اُمید پہ آخر ستاؤں میں

تنہا کوئی بھی گیت نہیں گا سکونگا میں
تم ساتھ دو تو کچھ بھی صنم گنگناہوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا مرض ہے کوئی بھی سمجھتا ہی نہیں ہے
اب کیا علاج تو ہی بتا آزماؤں میں

اس دل میں آبسی ہیں جہاں بھر کی حسرتیں
کس دل سے کس خوشی میں بتا مسکراؤں میں

گلزار اُجڑنے کی خبر کس کو نہیں ہے
پر کیوں اُجڑ گیا ہوں میں کیسے بتاؤں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم نہیں

کام تو میں تب بھی کرتا تھا
اور
اب بھی کرتا ہوں
مگر تب
جب کہ میں کام کیا کرتا تھا
میرے سامنے کوئی ہوا کرتا تھا
جو
ہنستا تھا ہنساتا تھا
میرے کام کو سراہتا تھا
شاباشی دیتا تھا
اور
میرا حوصلہ بڑھاتا تھا
میں کام کئے جارہا تھا
وہ بولے جارہا تھا
مجھے تھکنے نہیں دیتا تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

نہ میں تھکتا تھا

مگر اب جب بھی میں کام کرتا ہوں
دل لگا کر نہیں کرتا ہوں
اور جلد ہی تھک بھی جاتا ہوں
کیونکہ
میرے سامنے
تم نہیں
صرف تمہارا عکس ہوتا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیوی

تو کتنی سیدھی سادھی تھی
تو اتنی سیدھی سادھی تھی
کہ تمہاری
سادگی دیکھ کر
میں ڈھنگ رہ جاتا تھا
تو واقعی
اتنی سیدھی سادھی تھی
کہ
تمہیں دیکھ کر
دیوی دیوتا بھی رشک کرتے تھے
مائیں
تمہاری ممتا دیکھ کر
تم سے
سیکھتی تھیں
اور

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہیں دیکھ کر
کہہ رہی تھیں کہ
تم نے برداشت کی ساری حدیں
پار کی ہیں
میں خود
اس بات کا گواہ ہوں کہ
تو عورت کی روپ میں
دیوی تھی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

خبر کیا تھی ہمیں، ایسا بھی ہوگا
کہ یہ دل ایک دن تنہا بھی ہوگا

میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں
مگر تم نے مجھے دیکھا بھی ہوگا

سفر میں ہے مگر وہ میری خاطر
کہیں پر راہ میں ٹھہرا بھی ہوگا

ہمارا حال ہے کیا ہم کو معلوم
جہاں کو کیا، جہاں ہنستا بھی ہوگا

مجھے کیا وہ میری تصویر کو بھی
بہت ہی دیر تک تکتا بھی ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وہ سوتا ہے مگر سونے سے پہلے
کسی کی یاد میں روتا بھی ہوگا

وہ تنہا تو نہیں ہیں اُن میں شامل
ہمیں لگتا کوئی اپنا بھی ہوگا

بہت ہی تند ہے، ہوگا و لیکن
ہمیں تسلیم ہے جیسا بھی ہوگا

وہ بھوکا ہے مگر تم یہ بھی سمجھو
یقیناً وہ بہت پیاسا بھی ہوگا

ضروری ہے نہیں تیرے شہر میں
حسیں کوئی کہیں تم سا بھی ہوگا

یہ ظاہر ہے کہ صحراؤں کے آگے
وہاں بے شک کہیں دریا بھی ہوگا

وہ اپنا تو نہیں ہے پھر بھی اکثر
ہمیں اُس نے بہت چاہا بھی ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہاں روشن تو ہے پھر بھی کہیں پر
دیا یہ پیار کا بجھتا بھی ہوگا

اگر وہ چاند کی مانند ہے پھر بھی
کسی نے تو اُسے دیکھا بھی ہوگا

وہ دل جو مطمئن ہے، تیری خاطر
اِس سے پہلے بہت ترسا بھی ہوگا

کٹھن تو ہے یہاں پر، اِس سے آگے
بہت ہموار یہ رستا بھی ہوگا

یہاں سے تو فقط گزرا ہے لیکن
کہیں پر ابر یہ برسا بھی ہوگا

بہت ہی خوش طبیعت ہے وہ لیکن
کہیں پر اُس کا دل دکھتا بھی ہوگا

مجھے معلوم ہے میری گلی سے
وہ ظالم بارہا گزرا بھی ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہیں بھی ہو مگر میرے شہر میں
وہ ہرجائی کبھی آتا بھی ہوگا

جواں تو ہے مگر فرقت کے غم میں
وہ اندر سے بہت ٹوٹا بھی ہوگا

اگر آباد ہے اب کے ولیکن
شہر یہ بارہا اُجڑا بھی ہوگا

کہیں بھی ہو مگر میری صدائیں
مجھے شک ہے کہ وہ سنتا بھی ہوگا

بڑا ہنگامہ ہے دل کے شہر میں
یہ بھی ممکن کہ وہ جلتا بھی ہوگا

اگر وہ سخت دل بھی ہے تو پھر بھی
کسی کو کچھ نہ کچھ دیتا بھی ہوگا

بُرا تو ہے مگر میری نظر میں
کہیں پر تم سے وہ اچھا بھی ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ ظاہر ہے ملا کر ہاتھ تم سے
تمہارے ساتھ وہ لپٹا بھی ہوگا

میں باہر ہوں مگر وہ میرے گھر میں
جب آیا ہو تو پھر ٹھہرا بھی ہوگا

اگر ہم ایک ہیں تو پھر یہ سمجھو
جو میرا ہے تو وہ تیرا بھی ہوگا

اگر تم جانتے بھی ہو تو پھر بھی
میرے ہاتھوں میں گلدستہ بھی ہوگا

مجھے افسوس ہے، اس سانحہ پر
اُسے تو سخت پچھتاوا بھی ہوگا

چلو جائیں مگر اتنا میں کہہ دوں
کہ اب وہ بام سے اُترا بھی ہوگا

دیا ہے اُس نے کیا حالانکہ میں نے
اُسے تو کچھ نہ کچھ مانگا بھی ہوگا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھے معلوم ہے میرے بدن پر
یہ پہلے کی طرح چبھتا بھی ہو گا

یہاں تو دھوپ ہے لیکن چلو تم
کہیں پر راہ میں سایا بھی ہو گا

جس سے تھوڑی سی نفرت ہو وہ سب کو
جہاں میں، جان لو، پیارا بھی ہو گا

وہ سب کچھ تو لُٹا بیٹھا ہے لیکن
اُسے اب خوب پچھتاوا بھی ہو گا

یہاں سے جب وہ گزرا ہے تو اُس نے
کہیں پر مجھ کو تو دیکھا بھی ہو گا

وہ تنہا تو نہیں ہے اِس شہر میں
ضرور اُس کا کوئی اپنا بھی ہو گا

گیا تو ہے مگر یہ بھی ہے ممکن
کہیں وہ راہ میں بھٹکا بھی ہو گا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وہ تنہا ہے مگر ہر اِک کے دل میں
خبر کیا ہے کہ وہ رہتا بھی ہوگا

خبر کیا تھی کہ اس تیرے شہر میں
کوئی دیوانہ مجھ جیسا بھی ہوگا

بچھونا تو بہت اچھا ہے لیکن
زمیں پر تو کہیں کانٹا بھی ہوگا

بڑے ہی شوق سے پالا تھا اس کو
خبر کیا تھی یہ دل اُس کا ہوگا

وہ ہنستا ہے بہت لیکن سمے پر
وہ اوروں کی طرح روتا بھی ہوگا

بہت گمنام ہوں گلزارؔ لیکن
کسی کے شہر میں چرچا بھی ہوگا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج صبح سے ہی

آج میں
صبح سے ہی کچھ سوچنے لگا
کیا سوچنے لگا
معلوم نہیں

البتہ

میرے چہرے پر اُداسی سی چھا گئی
یہاں تک کہ
میری آنکھیں
جو کل رات سے سوئی نہیں تھیں
میرے چہرے میں دھنس گئی تھیں
دل دھڑکنے لگا
اور
بے قراری سی بڑھنے لگی
ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑ گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اور
جسم نڈھال
شاید اس لیے کہ
مجھے تمہاری یادوں نے
آکے گھیر رکھا تھا
آج صبح سے ہی

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم ہو

اب جون کا مہینہ بھی
شروع ہو گیا ہے
ویسے تو
مئی کے مہینے سے ہی
ہمارا آنگن
تتلیوں سے بھرا رہا
جو کبھی ساگ کی پتیوں پر
منڈلاتی رہیں
ایک دوسرے کو
چھیڑتی رہیں
تو کبھی
اوپر کی طرف اڑتی رہیں
تو کبھی
زمیں پر رینگتی ہوئی گھاس کو
چومتی رہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یوں لگتا تھا
کہ جیسے
یہ بے قراری کے عالم میں
کسی کو ڈھونڈ رہی ہیں
میں بھی
دن بھر اُنہیں تکتا تھا
اور
یوں محسوس کرتا تھا
کہ جیسے
یہ تتلیاں نہیں
بلکہ تم ہو

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں کیا علم، ہوتا ہوں کہاں میں
یوں تیرے ساتھ رہتا ہوں جہاں میں

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
ستارے اور بھیؔ ہیں آسماں میں

یہاں سب کچھ سلامت ہے تو پھر کیوں
پرندے ہیں ابھی تک آشیاں میں

عجب گُل ہوں کہ تنہا اس چمن میں
ہوں اپنے رنگ و بو سے بدگماں میں

سمجھتا ہی نہیں ہوں خود میں گلزار
ہے یہ کیا درد میرے جسم و جاں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

نہیں ہو تم تو جینے کا مزا کیا
کبھی یہ دل رہا تم سے جدا کیا

بہت سے غم سہے میں نے بھی لیکن
کبھی تم سے کیا میں نے گلہ کیا

تم یہ کس بات پہ شرما رہے ہو
میرے تن پہ نہیں ہے کیا ردا کیا

میں یہ شب روز کیا کیا سوچتا ہوں
تم ہی کہہ دو مجھے آخر ہوا کیا

بس اتنا ہے کہ تم کو چاہتا ہوں
تم یہ کیوں پوچھتے ہو، ہے وفا کیا

جب یہ دل بھی گنوا بیٹھا ہوں گلزارؔ
تو اس کے بعد پھر میرا رہا کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل ہے ناداں کہ پھر رونے لگا ہے
مگر رونے سے کس کو کیا ملا ہے

جہاں والے اگر خوش ہیں تو میرے
اس دل میں کیوں قیامت سی بپا ہے

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
نہیں جس کا کوئی اس کا خدا ہے

میرے گھر میں بھی رونق ہے مگر سُن
میرے دل کا دیا کب کا بجھا ہے

مجھے معلوم ہے میرے بھی دل میں
جو یہ ہنگامہ ہے آخر یہ کیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ باہر سے نہیں، اندر سے دیکھو
کہ یہ دل جابجا ٹوٹا ہوا ہے

چلو تم، میں بھی پہنچوں گا کسی دن
میرے آگے کسی کا نقش پا ہے

تمہیں تو اس لئے میں دیکھتا ہوں
جو میرا ہے وہ بالکل آپ سا ہے

میں روؤں بھی اگر لیکن تو گلزارؔ
نہیں رونا، یہ میری التجا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں گئیں وہ

وہ مینا
جو تمہارے سر پر منڈلاتی تھیں
پتا نہیں چلتا تھا
کہ یہ اُڑ کر
کہاں سے آتی تھیں
جب تو گھر کے باہر قدم رکھتی تھیں
تو یہ
آس پاس کی چھتوں سے
پیڑوں سے
اور
گھر کے آنگن کی دیواروں سے
اُترتی تھیں
شوروغل مچاتی تھیں
اور جھگڑتی بھی تھیں
اُنہیں معلوم تھا
کہ تم
ان کے لئے دانا پانی لے آئی ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اُنہیں یہ بھی معلوم تھا
کہ تم
کس پل اُنہیں دانا پانی ڈالتی ہو
اس لئے
یہ وقت سے پہلے ہی
تاک میں رہتی تھیں
کہ تو آئے
اور انہیں دانا پانی ڈالے
مگر
جب سے تم یہاں سے چلی گئی ہو
خبر نہیں کہ
اُنہیں کیسے پتا چلا کہ
اب تم یہاں نہیں ہو
یہ اُداس سی رہنے لگی ہیں
تیری فرقت میں
اور
دھیرے دھیرے یہاں سے
ہجرت بھی کر گئیں
اور
پتا ہی نہیں چلا کہ
کہاں گئیں وہ

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بتا کس سے نہیں میں نے وفا کی
نماز ایسی نہ کب میں نے ادا کی

کیا ہے چاک میں نے دل، جب اُس نے
کسی کی بزم میں اپنی قبا کی

بتاؤں کیا کہ کب سے سہہ رہا ہوں
سزا یہ، جو ہے نہ کردہ خطا کی

کہا تو تھا کہ میں ملنے کو آؤں
گزارش میں نے بھی تو بارہا کی

شمعیں تو خود بخود بجھتی نہیں ہیں
یہ سازش بھی تو ہے ظالم ہوا کی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

سمجھتا تھا کہ یوں ہی ختم ہوگی
اس رت نے بھی قیامت پر بپا کی

کروں کیا اس گھنیری دھوپ میں بھی
عجب رفتار ہے اس پل ہوا کی

بہت پچھتا رہا ہوں میں بھی گلزار
کسی ظالم سے جس دن سے وفا کی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

وہ یہ کس بات پہ مجھ سے خفا ہے
مگر ویسے بھی میری کیا خطا ہے

وہ میرے حال سے واقف ہے لیکن
نہ جانے کیا وہ مجھ سے چاہتا ہے

گئے تو ہو مگر تیری قسم میں
نہیں روؤں تو دل یہ ڈوبتا ہے

کسی سے تو نہیں روٹھا ہوں لیکن
کوئی تو ہے کہ جو مجھ سے خفا ہے

وہ اپنے آپ میں گم ہے تو گلزارؔ
مجھے بھی کس نے اب تک پالیا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تجھے میں دیکھنا چاہتا ہوں پھر سے
کہ میں سُدھ بُدھ گنوا بیٹھا ہوں پھر سے

یہاں کس شخص کو اپنا میں سمجھوں
کہ میں کس شہر میں لوٹا ہوں پھر سے

خدا جانے یہ کس کے واسطے میں
جہاں کو بھی بھُلا بیٹھا ہوں پھر سے

یہ دنیا بھی بہت ظالم ہے لیکن
اِسی سے دل لگا بیٹھا ہوں پھر سے

جہاں سے لوٹ کر آیا میں گلزارؔ
اُسی اِک شہر میں پھرتا ہوں پھر سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

شہر میں اِک وہی میرا نہیں ہے
وگرنہ میرے بس میں کیا نہیں ہے

تم کہتے ہو مگر میں نے کہیں پر
اِک ایسے شخص کو دیکھا نہیں ہے

کہاں جاؤں ابھی تو میرے آگے
کوئی منزل کوئی رستہ نہیں ہے

میں خوش ہوں اس لئے مجھ کو جہاں میں
کسی بھی چیز کی پروا نہیں ہے

مجھے معلوم ہے تیری وفا میں
کوئی رنجیدہ مجھ جیسا نہیں ہے

کہوں کیا اُس کے بارے میں کہ گلزارؔ
وہ میرا ہے مگر مجھ سا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہو تم ہی کسے اپنا سمجھ لیں
یا اپنے آپ کو ہی کیا سمجھ لیں

اگر سب لوگ یارب ایک سے ہیں
تو پھر کس شخص کو ہم کیا سمجھ لیں

وہ اپنا ہے نہیں پھر بھی اُسے ہم
وفا کی راہ میں ہم کیا سمجھ لیں

وہ کیا ہے کیا نہ ہے ہم جانتے ہیں
بس ایسا ہے کہ ہم اپنا سمجھ لیں

عجب ماحول ہے دنیا کا گلزارؔ
جو جیسا ہے چلو ویسا سمجھ لیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب کہاں اس دل کو لے جائیں گے ہم
کوئی کچھ کرلے تو پچھتائیں گے ہم

تم کہو تو اِک اشارے پر ترے
تم پہ میرے دوست مر جائیں گے ہم

وقت آئے گا تو خود سے بھی کہیں
زندگی تم کو بہت چاہیں گے ہم

ہم بھی یہ کیا ہیں کہ ہم تیرے لئے
ساری دنیا کو بھی ٹھکرائیں گے ہم

دیکھئے گلزار تیرے واسطے
جو بھی تم کو چاہیئے لائیں گے ہم

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں میں کہ کون اپنا تھا
میں سمجھتا ہوں کوئی سپنا تھا

اِس طرح تو نہ آزما مجھ کو
زندگی میں نے یہ نہ سوچا تھا

میں نے کب چاند تارے مانگے ہیں
بس کسی کو تو میں نے چاہا تھا

آج بھی کیا تیرے نشانے پر
آسماں میرا آشیانہ تھا

ایک دن تم بھی جان جاؤ گے
میں نے کیا زندگی سے چاہا تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پوچھنے پر بھی یہ ہوا معلوم
راہ میں وہ کہیں پہ ٹھہرا تھا

کیا کہا اُس نے یہ نہیں معلوم
ہاں مگر خوش نظر وہ آتا تھا

شکل سے کوئی اور لگتا تھا
پر مزاجاً وہ اپنا جیسا تھا

کیا کہوں میں کہ کس لئے گلزارؔ
آج وہ میرے گھر پہ ٹھہرا تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت کچھ آج مجھ سے کہہ گیا وہ
وہی تھا وہ کہ کوئی اور تھا وہ

یہی میں سوچتا ہوں تجھ سے پہلے
مری جانب خوشی سے دیکھتا وہ

میں واقف تو نہیں ہوں پھر بھی تجھ سے
یہی کہہ دوں کہ ہے کس کام کا وہ

بہت سے اور بھی ہیں اس جہاں میں
وفا میں ہے مگر سب سے جُدا وہ

جہاں میں کیا نہ کچھ اچھا ہے لیکن
مجھے تو ہے پسند تیری ادا وہ

اگر وہ غیر ہے پر پھر بھی گلزارؔ
مجھے اپنوں سے بھی اپنا لگا وہ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہیں بھی ہو تمہیں میں دیکھتا ہوں
تمہارا ہر پتہ میں جانتا ہوں

کڑی خوابوں کی تب ہی ٹوٹتی ہے
صبح جب نیند سے میں جاگتا ہوں

وفا، اُلفت، محبت کے سوا میں
امیر شہر سے کیا مانگتا ہوں

جہاں آباد تو ہے ہی مگر میں
بڑی حسرت سے خود کو دیکھتا ہوں

میں واقف تو نہیں لیکن میں گلزارؔ
جہاں کو ہر طرح سے جانتا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کبھی کچھ بھی نہیں چاہا کسی سے
کٹی ہے زندگی پھر بھی خوشی سے

خدا جانے میں یہ کیا چاہتا ہوں
بہت آزار ہے اس تشنگی سے

تجھے جب سے ملی ہے بے قراری
بہت بے چین میں بھی ہوں تبھی سے

بہت بے صبر ہوں میں بھی مگر تم
اُسے تو ڈھونڈنے نکلا ابھی سے

یہ اُلفت بھی عجب شئے ہے کہ میرے
اس دل میں ہے تڑپ زندہ اِسی سے

تجھے جس شخص سے اُلفت ہے گلزارؔ
مجھے بھی ہے پسند وہ زندگی سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہاں سے دور ہی کیا آشیاں تک
میں واقف ہوں زمیں سے آسماں تک

میری نظروں سے وہ اُوجھل ہے لیکن
اُسے تو چاہتی ہے میری جاں تک

وہ ایسا شخص ہے جس نے وفا میں
کسی کو بیچ ڈالا ہے مکاں تک

سہانی تھی بہت، لیکن گھڑی وہ
تمہیں تو یاد آئے گی کہاں تک

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اُسے تو ڈھونڈ کے لاتا مگر وہ
مٹا بیٹھا ہے پاؤں کے نشاں تک

یہ کیسی آگ تھی یارو کہ ہم کو
نظر آیا نہیں جس کا دھواں تک

غلط تو وہ نہیں ہیں تم ہی گلزارؔ
آڑھے رہ جاؤ گے آخر کہاں تک

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا نہ کچھ میں نے دیکھنا چاہا
شب کو بھی میں نے جاگنا چاہا

تم سلامت رہو تو میں خوش ہوں
میں نے کیا اور مانگنا چاہا

حد تو یہ ہے کہ ان فقیروں میں
میں نے خود کو بھی بانٹنا چاہا

زندگی! تو کٹھور ہے لیکن
میں نے کب تم سے بھاگنا چاہا

یوں تو تیری طرح نشانے پر
میں نے بھی تیر داغنا چاہا

سچ تو یہ ہے کہ آپ نے گلزارؔ
مجھ کو ہر وقت ٹالنا چاہا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہارے بارے میں

تمہیں کون نہیں جانتا ہے
تمہیں
میں جانتا ہوں
تمہیں
اس گھر کے درو دیوار جانتے ہیں
جواب بھی
اُداسی کے عالم میں کھوئے کھوئے سے ہیں
اور
تمہارے انتظار میں بیٹھے ہیں
مجھے اکثر تکتے رہتے ہیں
اور مجھ سے کچھ
پوچھنا چاہتے ہیں
تمہارے بارے میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

گھر کی سیڑھیوں کے وہ زینے
جن پر تو قدم رکھتی تھی
میں سر رکھتا ہوں
اور
یوں محسوس کرتا ہوں
کہ جیسے یہ مجھ سے
کچھ پوچھنا چاہتے ہیں
تمہارے بارے میں
گھر کے وہ برتن
جو دیر تک کھنکتے تھے
ایسا لگتا ہے کہ
جیسے یہ گونگے ہو گئے ہیں
اور اب بھی
اُن مرمریں ہاتھوں کے انتظار میں ہیں
جنہیں یہ
برسوں سے جانتے ہیں
کچھ پوچھنا چاہتے ہیں
تمہارے بارے میں
پاس پڑوس کی بہو بیٹیاں
جن کے ساتھ تو پہروں بیٹھے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

باتیں کر رہی تھیں
اکثر پوچھا کرتی ہیں
وہ ابھی تک نہیں آئی
کب آئے گی
تم ہی بتاؤ
میں انہیں کیا جواب دوں

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل یہ اوروں کا ہے نہ اپنا ہے
یہ بھی میری طرح تو تنہا ہے

کل وہ ناراض تم سے تھا لیکن
آج مجھ سے بھی کچھ خفا سا ہے

ایک دن خود ہی جان جاؤ گے
بے وفائی ہے کیا وفا کیا ہے

چاند تارے ہیں کیا نہیں معلوم
اور زمیں کیا ہے آسماں کیا ہے

میں بھی تیری طرح تو ہوں لیکن
میری اپنی تو ایک دنیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا کہوں میں کہ اس خموشی میں
دل یہ کیوں زور سے دھڑکتا ہے

مجھ سے جو روز آکے ملتا ہے
اجنبی کوئی آپ جیسا ہے

کون کس کا ہے یہ نہیں معلوم
شکر ہے اب بھی کوئی اپنا ہے

دیکھنا ہے کہ ان دِنوں گلزارؔ
دل یہ اپنا ہے یا پرایا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ کیسا درد ہے کیسا اثر ہے
یہاں انسان بے بس کس قدر ہے

شہر سے دور کچھ اُن جنگلوں میں
گواہ میری وفاؤں کا شجر ہے

یوں دیکھا تو نہیں ہے پر سُنا ہے
کہیں پر شہر میں میرا بھی گھر ہے

سبھی تو پاس ہیں دل کے مگر وہ
اس جاں سے بھی کہیں نزدیک تر ہے

اُس ظالم پر یوں ہی مرتا نہیں ہوں
کسی پر جان دینا بھی ہنر ہے

تماشہ بن نہ جائیں ہم بھی گلزار
یہی اُس شعبدہ گر کا نگر ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس زندگی سے دور بہت دور رہے ہم
اوروں کی طرح گرچہ زمانے میں جئے ہم

مت پوچھ کہ کس حال میں ہم نے گزار دی
اتنا تو ہم بتا دیں مگر، کیا نہ سہے ہم

ہم تجھ سے کیا کہیں کہ ہمیں بھی خبر نہیں
آپس کی بات ہے نہیں جو تجھ سے کہے ہم

اس دل سے کب گئے ہیں ہمیں کچھ خبر نہیں
لگتا ہے اب یہی کہ اب جاں سے بھی گئے ہم

گلزار اس طرح سے بھی ہم نے گزار دی
دنیا نے کچھ کہا بھی تو خاموش رہے ہم

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جو میں نے آج تک سوچا نہیں تھا
مگر ویسے بھی یوں ہوتا نہیں تھا

میں اپنے آپ سے بھی کیا بتاؤں
مگر کل تک میں یوں روتا نہیں تھا

مجھے معلوم کیا میں کیا بتاؤں
وہ میرے سامنے تو تھا نہیں تھا

اس سے پہلے یہاں ہلچل نہیں تھی
شہر میں یوں کبھی ہوتا نہیں تھا

جو اب تم سوچتے رہتے ہو گلزارؔ
اس سے پہلے کبھی سوچا نہیں تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب کسی سے میں اور کیا چاہوں
کس سمندر میں ڈوبنا چاہوں

زندگی سے میں اور کیا چاہوں
تم کو چاہوں تیری وفا چاہوں

بس یہی میرے دل کی خواہش ہے
روز و شب تم کو دیکھنا چاہوں

خود کو شاید ہی بھول سکتا ہوں
پھر تمہیں کیا میں بھولنا چاہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو کچھ بھی نہ چاہیے لیکن
ہاں، مگر ساتھ آپ کا چاہوں

یہ ہیں گلزار خواہشیں دل کی
ورنہ میں زندگی سے کیا چاہوں

میں گیا بھی، تو ایک دن گلزارؔ
خود بخود میں تو لوٹنا چاہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں کیوں خفا ہوا مجھ سے
جب کہ وعدہ کچھ اور تھا مجھ سے

میں زمانے سے خوب واقف ہوں
کھیل کھیلے گا پھر وہ کیا مجھ سے

دل ہے کیا، میں تو جان بھی دے دوں
یہ بھی وعدہ تھا آپ کا مجھ سے

دل بہت ہی اُداس رہتا ہے
جب سے وہ بھی وداع ہوا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تو یہ بھی سمجھ نہیں پایا
کب وہ کس پل جدا ہوا مجھ سے

کیا کہوں میں کہ کس کے کہنے پر
آج وہ بے سبب ملا مجھ سے

آج تم یہ بھی جان لو گلزارؔ
کون دنیا میں ہے بھلا مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہاں ہے وہ میری دنیا کہاں ہے
کہوں کیا میں کہ میرا کیا کہاں ہے

میں اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوں
کہ میں نے خود کو بھی دیکھا کہاں ہے

اس سے پہلے تو میں تنہا نہیں تھا
مگر یہ دل بھی اب اپنا کہاں ہے

بتا اس زندگی کو کیا میں سمجھوں
کہ میں نے خود کو بھی دیکھا کہاں ہے

میں اُس کے سامنے کچھ بھی نہیں ہوں
کہ اُس نے غور سے دیکھا کہاں ہے

یہی تو میں نے بھی سوچا تھا گلزارؔ
مگر کوئی مجھے سنتا کہاں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

خدا جانے کہاں سے آگیا ہے
کہ یہ غم ہر طرح بالکل نیا ہے

مجھے ڈر ہے مجھے نہ جذب کر لے
خدا جانے یہ کس بَن کی ہوا ہے

بہت معصوم ہے چہرے سے لیکن
بہت ظالم تو اُس کی ہر ادا ہے

میں تنہا تو نہیں ہوں پر سفر میں
کچھ ایسا ہے کہ بس حافظ خدا ہے

یہی تو دیکھنا ہے کِس بنا پر
مرا وہ دوست مجھ سے بھی خفا ہے

چمکتا ہوں نہیں یوں ہی میں گلزارؔ
میرے سر پر بھی سایا چاند کا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تیرے ہونٹوں پہ یہ ہنسی کیسی
پھر یہ آنکھوں میں ہے نمی کیسی

یہ جہاں تو حسین ہے لیکن
زندگی پر یہ بخش دی کیسی

کیا کہوں میں کہ میری دنیا میں
ان دنوں ہے یہ بے بسی کیسی

ایک دن خود ہی جان جاؤ گے
زندگی ہے یہ زندگی کیسی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیکھنا ہے کہ تیری آنکھوں میں
کیا خبر، ہے یہ روشنی کیسی

جب تمہیں مجھ سے اتنی نفرت ہے
پھر یہ اوروں سے دوستی کیسی

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے گلزارؔ
مجھ سے لیکن یہ دل لگی کیسی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کون چاہے گا اُسے گھر کا پتا
ہاں، اگر ہوگا تو کر لینا پتا

اُن سے ملنا تو ضروری تھا مگر
وہ کہاں ہوگا یہ کس کو کیا پتا

کوئی بھی یوں ہی پہنچ جاتا نہیں
کس کو یہ معلوم ہے میرا پتا

لوگ کہتے ہیں مگر معلوم کیا
اُس نے بدلا ہے کہیں اپنا پتا

کس نے لکھا ہے میری دیوار پر
نام اپنا اور مرے گھر کا پتا

کوئی تو کچھ بھی کہے گلزارؔ میں
جانتا ہوں اُس نے کیوں چاہا پتا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل یہ آباد ہے نہ گھر آباد
ذہن و دل میں ہے غم مگر آباد

ہے بہت ہی وسیع جہاں لیکن
ہم ادھر ہیں تو تم اُدھر آباد

ایک تم ہو کہ جس کے ہونے سے
ہے یہاں کا نگر نگر آباد

جانے کیسی پھر منزلیں ہوں گی
راہ ویران ہیں سفر آباد

وہ جو ہوتے تو پوچھ ہی لیتا
ہو گئے ہو کہاں، کدھر آباد

تھا مزہ اور ہی مگر گلزارؔ
اب ہیں آنسوں اِدھر اُدھر آباد

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

پھرتا ہوں میں کہاں کہاں مجھ کو خبر نہیں
سمجھو کہ میں سفر میں ہوں لیکن سفر نہیں

پہنچے ہیں ہم کہاں کہ ہمیں کچھ خبر نہیں
رستے میں کہیں دور تک کوئی پتھر نہیں

جس گھر میں میری آج تک پرورش ہوئی
لگتا ہے اب یہی مجھے، یہ میرا گھر نہیں

پھرتا ہوں میں بھی جا بجا پھر بھی یہی کہوں
آوارہ میں بھی ہوں مگر آشفتہ سر نہیں

لگتا ہے ہر کوئی یہاں خستہ حال ہے
تیرے شہر میں کیا کوئی چارہ گر نہیں

گلزار تیرے شہر میں لگتا ہے اب یہی
تیرے ہی اس مکان میں دیوار و در نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

شہر میں کیا کوئی اپنا نہیں ہے
کسی سے دوستی بھی کیا نہیں ہے

تم ایسے کہہ رہے ہو جیسے میں نے
تمہیں تو آج تک چاہا نہیں

کہوں کیا میں کہ میری رہ گزر میں
کہیں بھی دور تک سایا نہیں ہے

میں آیا تھا مگر تیرے شہر میں
کسی کو بھی کہیں دیکھا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں جاؤں کہ اب تیرے شہر میں
مجھے تم نے بھی پہنچانا نہیں ہے

کہاں جاؤں، میں کس کے ساتھ کھیلوں
یہاں کوئی بھی مجھ جیسا نہیں ہے

یہاں کیا کچھ نہیں ہے، پھر بھی گلزارؔ
کہیں پر بھی یہ دل لگتا نہیں ہے

❖ ❖ ❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی تو بھی بے وفا نکلی
میں نے چاہا کیا تو کیا نکلی

چیختا میں بھی زور سے لیکن
دل سے ٹوٹی ہوئی صدا نکلی

آج کا دن بھی یوں ہی گزرے گا
آج پچھمے سے پھر صبا نکلی

اپنی حالت سے کیوں نہ واقف ہوں
گھر کی دیوار آئینہ نکلی

زندگی تجھ سے دور ہی رہتا
کیا کروں تو مگر بھلا نکلی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تو سمجھا تھا میری اپنی ہے
غیر کی تو بھی اے ادا نکلی

کیا کہوں وہ تو بزم دنیا سے
کب کی کچھ بھی کہے بنا نکلی

زندگی جب الگ ہوئی مجھ سے
بعد میں وہ میرا خدا نکلی

ہم بھی کیا خوش یہاں رہے گلزارؔ
زندگی خود بھی خواب سا نکلی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیگر مطبوعات

کتاب کا نام	سنہ اشاعت
۱۔ سایہ دھوپ کا	۲۰۰۷ء
۲۔ لمحے اندھیروں کے	۲۰۱۱ء
۳۔ دریچہ	۲۰۱۸ء
۴۔ منظر سیاہ آسمانوں کا	۲۰۲۱ء
۵۔ رختِ سفر	۲۰۲۲ء

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Rakht-e-Safar

By : Sheikh Gu

شیخ گلزار کے یہاں شعری صورت میں زندگی کے متنوع رنگ نمایاں ہیں جن میں احساسات، جذبات اور تجربات کی صورت میں ان کی تخلیقی قوت آشکار ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے تجربات کو لفظیات پر غالب دکھایا ہے۔ جب کہ اُس اک صورت حال سے پرہیز کیا ہے جب لفظیات احساسات پر غالب ہوتے ہیں یہی سبب ہے کہ وہ عام لفظیات برتتے وقت احساسات اور جذبات کی نمی سے لفظوں کو جنم دے کر اُن کی خوب پرورش کا کام کرتے ہیں جن سے اوّل تو دائمی صورت حال قائم رہتی ہے، دوئم یہ کہ شعر کی ماہیئت کو معنی سمیت استقامت کا ماحول فراہم ہوتا ہے اور شاید اس وجہ سے شیخ گلزار کئی دہائیوں سے اپنی شعری زمین میں تجربات اور احساسات کے بیج بو کر اُن سے معنوی سطح پر بھرپور فصل نکالتے ہیں جس کی اساس اُن کا کلیم شعری سرمائے کی صورت میں جلوہ پذیر ہے۔ جو روز افزوں جلا پا رہا ہے۔ شیخ گلزار کا پانچواں شعری مجموعہ ”رختِ سفر“ منظرِ عام پر آ رہا ہے جیسا کہ پہلے بھی یہ مذکور ہوا ہے کہ شیخ گلزار اپنی ہی ذات کے حصار میں مقید ہے اور اس کی دنیا اس کے اِرد گرد پتنگے کی مانند چکر کاٹ رہی ہے۔ موضوعی سطح پر ان کی شاعری کے رنگ دار پنکھ میں اور بھی رنگت آسکتی ہے جب وہ اس حصار کو توڑنے میں کامیاب ہوں گے۔

شیخ گلزار لفظ کی حرمت سے آگاہ ہیں۔ جن سے ان کے خلاقی ذہن کا پتہ چل جاتا ہے۔ شعر کے جس زاویے سے بھی نظر دوڑائی جائے ہر طرف سے تکمیلیت کا ایک بھرپور احساس مل جاتا ہے۔ اس میں وقتی گن گرج ہے نہ انقلابی روش کی بو باس محسوس ہو رہی ہے جو اندرون خانہ میں جھانکنے پر بضد ہے۔ ان کی اس متنوع بصیرت افروز شعری سرمائے کے مختلف جہات اور ابعاد ہیں جو ہر طرف قاری کے لیے کچھ نہ کچھ زیست کا سامان مہیا کئے ہوئے ہے۔ وہ اپنے حسی تجربات کو تول تول کر کھول دیتے ہیں جس سے ایک نئی کیفیت وا ہو کر قارئین کے لیے ایک تو مسرت سامیانیاں فراہم کرتی ہیں تو کہیں حسرت و یاس کے پردوں کو چاک کرتی ہیں۔ ان کی یہی سلیقہ مندی اردو شعر و ادب کی آبیاری کر رہی ہے۔ میں انہیں ”رخت سفر“ کے شائع ہونے پر صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر گلزار احمد وانی

پلوامہ کشمیر

Layout : Mir Pervaiz # 9697476370, 9469155007